حروف مقطعات واسم اعظم

طالبانِ درس روحانی کا بے یہ رہنما
نام تاریخی مُقَطَّعُ اِسمِ اَعْظَمْ حَقُّ رکھا

۱۴۳۹ھ

مؤلف
صوفی محمد عمران رضوی القادری

www.idararoohaniimdad.in

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

ناشر ادارہ روحانی امداد کی اجازت کے بغیر اس کتاب کے کسی بھی صفحہ کا عکس لینا یا اس کی پی ڈی ایف پر اپنا لوگو ایڈیٹ کرنا قانونی و اخلاقی جرم ہے

نامِ کتاب: حروفِ مقطعات و اسم اعظم

تاریخی نام: مقطع اسمِ اعظم حق ۱۴۳۹ھ

موئف : صوفی محمد عمران رضوی القادری

سن اشاعت: ۱۴۴۰/ 2019

صفحات : 116

ناشر

ادارہ روحانی امداد

مرکز روحانی علاج و رہبری

Cell +91-9883021668/Tel+91 33 25587502

انتساب

میں اپنی اس مختصر کاوش کو اپنے مرشد برحق فخر ازہر حضور تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خان قادری ازہری رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں رب قدیر اپنے حبیب دلوں کے طبیب مصطفے جان رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل قبول فرمائے آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علیہ وسلم

فقیر قادری گداۓ چشتی

محمد عمران رضوی القادری

تاریخی نام

اس رسالے کا تاریخی نام میں نے مقطع اسم اعظم حق رکھا ہے

ملے گی طالب روحانیت کو روشنی برحق

ہے اس کا نام تاریخی مقطع اسم اعظم حق

حضرت مولانا ثاقب القادری صاحب

طالبان درس روحانی کا ہے یہ رہنما

نام تاریخی مقطع اسم اعظم حق رکھا

حضرت مولانا سراج تاباتی صاحب

دیا میں نے روحانی طالبوں کو سبق

نام تاریخی رکھا مقطع اسم اعظم حق

فقیر قادری

مشمولات

وجہ تالیف	حروف نورانی کی ضوفشانی
حروف مقطعات کیا ہیں	اسم الٰہی و اسم اعظم
حروف مقطعات اسرار محبت ہیں	حروف نورانی اسم اعظم سے نکلے ہیں
خلفاء راشدین کے اقوال	حروف نورانی کی زکات
حروف مقطعہ ہی اسم اعظم ہے	عامل حروف نورانی سے کیا کام لے سکتا ہے
حروف مقطعات میں نام محمد ﷺ	حروف مقطعات کے خواتم سلیمانی
امت محمدی کے عہد و انقلابات کی مدت	خاتم سلیمانی الم
حروف کی اعدادی قیمت کا ثبوت	خاتم سلیمانی المص
حروف مقطعات اور اسم اعظم	خاتم سلیمانی ا
حروف مقطعات بے معنی نہیں	خاتم سلیمانی کہیعص
حروف مقطعات میں الم کی خصوصیت	خاتم سلیمانی حمعسق
طٰہٰ بمعنی بدر کامل	خاتم سلیمانی طٰسٓ
حروف مقطعات قرآنی کی تحقیق میں سولہ اقوال	خاتم سلیمانی طٰسم
مقطعات الر حم ن	خاتم سلیمانی طٰس
حروف مقطعات کا اسم اعظم ہونا	خاتم سلیمانی یٰس
حم لا ینصرون اور دعائے حزب البحر	خاتم سلیمانی ص
حروف نورانی، حروف نورانی کیوں ہیں	خاتم سلیمانی حم

مشمولات

خاتم سلیمانی ق
خاتم سلیمانی ن
خاتم سلیمانی الر
دعائے حروف مقطعات
نقش حروف نورانی
لوح قرآنی
اعمال ونقوش الم
شفائے امراض کیلئے دم کا طریقہ
دفع اثرات کیلئے
قوت ذکاوترقی علم کیلئے
قرآن مقدس میں حروف نورانی کی ترتیب
حروف مقطعات اور سبع سیارگان
کشائش رزق کے لئے کہیعص کا عمل
ناسوتی تصرفات بذریعہ آیات مقطعات
مقطعہ الم سورہ البقرہ، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ الم ال عمران، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ المص سورہ الاعراف، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ

مشمولات

مقطعہ الر سورہ یونس، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ الر سورہ ھود، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ الر سورہ یوسف، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ المر سورہ ابراہیم، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ الر سورہ الحجر، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ کھیعص سورہ مریم، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ طہ سورہ طہ، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ طسم سورہ الشعراء، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ طس سورہ النمل، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ طسم سورہ قصص، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ الم سورہ العنکبوت، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ الم سورہ الروم، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ الم سورہ لقمن، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ یس سورہ یس، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ ص سورہ ص، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ حم سورہ المومن، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
آیت مقطعہ حم سورہ السجدہ، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ

مشمولات

مقطعہ حمعسق سورہ الشوریٰ، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ حم سورہ دخان، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ حم سورہ الجاشیہ، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ حم سورہ احقاف، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ ق سورہ ق، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
مقطعہ ن سورہ القلم، نقش کی خاصیت اور زکات کا طریقہ
علوم مرتبت
محبت اور قبول عام
زبان بندی
فتوحات غیبی
تسخیر خلائق
سعادتمند اولاد کے حصول
نقش سات حم
لوح تحفظ
قبولِ عظیم کے واسطے
نقش مقناطیس اکبر
محبتِ زوجین

مشمولات

شجاعت و بہادری
حروف مقطعات کے متفرق اعمال
دعاء رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
دعائے حضرت خضر علیہ السلام / دعائے مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم
ملفوظات سیدی عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ
کہیعص کی تشریح
حروف مقطعات کا حقیقی علم کیسے حاصل ہو سکتا ہے
الم سورۃ البقرہ و آل عمران کا فرق
سیدی دباغ رحمۃ اللہ علیہ امی بزرگ تھے
حروف مقطعات میں سورۃ کے مضامین کی طرف اشارہ ہے
کہیعص کی تشریح
مقطعہ ص کی تشریح
کہیعص حمعسق کی عارفانہ تشریح
مقطعہ ق کی تشریح
آیات قرآنی کے انوار کی تین قسمیں
لوح محفوظ میں حروف مقطعات کی تشریح سریانی زبان میں
لوح قضاء و قدر ایک نایاب لوح

روحانی ممبرشپ

(برائے روحانی عامل کورس)

پچھلے سال احباب کی فرمائش پر روحانی ممبرشپ کا سلسلہ عام کردیا گیا تھا لیکن جلد ہی اتنے سارے لوگ جمع ہوگئے کہ انہیں اپنی مصروفیت میں سے وقت دینا فرداً فرداً انہیں اسباق دینا اور پھر نگاہ رکھنا یہ میرے لئے مشکل ہوتا جارہا تھا یا آخر جلد ہی ممبرشپ کا سلسلہ اس جون دو ہزار اٹھارہ تک موخر کردیا گیا اس دوران بے شمار افراد نے خواہش ظاہر کی کئیوں کو جواب وقت پر نہ دے سکا اور بہت سارے احباب کو میں نے اپنے براڈکاسٹ میں ایڈ کرلیا کہ اس تعلق جب نیا اعلان ہوگا تو آپ حضرات ممبرشپ حاصل کرسکیں گے ۔۔۔۔۔ اس فن سے دلچسپی رکھنے والے افراد دو قسم کے ہیں ایک وہ ہیں جو کہ اعمال اشغال اوراد و وظائف چلہ کشی وغیرہ کا شوق رکھتے ہیں اور روحانی معالج یا عامل بننا چاہتے ہیں اور دوسرے وہ لوگ ہیں جو کہ اس قدر محنت مشقت میں پڑنا نہیں چاہتے بلکہ اعداد و حروف اور نقوش وغیرہ کی بنیادی معلومات حاصل کرکے وقت ضرورت اپنا کام نکالنا چاہتے ہیں ۔۔ لہٰذا ہر دو قسم کے افراد ممبرشپ حاصل کرسکتے ہیں پچھلی بار اسکے لئے سالانہ فیس مقرر کی گئی تھی جسے اب میں نے یکسر ختم کردیا ہے البتہ ممبر بنتے وقت آپ اپنی حیثیت کے مطابق ضرور ہدیہ پیش کریں تاکہ آپ کی سنجیدگی کا بھی پتہ چلے اس کے علاوہ کوئی سالانہ فیس نہیں ہوگی باقی اصول و ضوابط جو پہلے جو لکھے گئے تھے تقریباً وہی ہونگے اگر کوئی مناسب تبدیلی کرنی پڑی تو موقع کی جائیگی ان شاء اللہ ۔۔۔۔ ممبرشپ کے لئے فارم میری ویب سائٹ پر موجود ہے وہاں سے پرنٹ نکال لیں اور اسے بھر کر میرے ایڈریس پر روانہ کردیں اندرون ملک والوں کے لئے یہ ضروری ہوگا اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں اور بیرون ممالک کے احباب فارم بھر کر اس کی امیج ای میل کریں اور فون یا واٹساپ پر اطلاع کردیں ۔۔۔

دعاگو فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادارہ روحانی امداد

Idara Roohani Imdad

The Spiritual Guidance & Healing

☐ *Roohani Membership For Full Guidance & Amil Course*

☐ *Roohani Membership For Guidance Only*

- Full Name :
  Father Name :
- Age :
- Date of Birth :
- Full Address with pin code :
- Mobile number :
- WhatsApp number :
- Email id :
- Educational qualification :
- Mother tongue :

Declaration

I ________________ solemnly and sincerely declare that I have accepted the membership of Idara Roohani Imdad and pledge that I will support and co-operate all the activities of Idara Roohani Imdad.

میں ________________ سنجیدگی اور اخلاص کے ساتھ ادارہ روحانی امداد کی رکنیت قبول کرتا ہوں اور وعدہ کرتا ہوں کہ ادارہ کے تمام عملی و اشاعتی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کرونگا

(Signature)

Head Office : #12/J, Panwar Bagan Lane, Kolkata(700049), West Bengal, India
Telephone : +91 33 25587982 Mobile : +91 98830 21668
Website: www.idararoohaniimdad.in Email Address: [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

وجہ تالیف

اللہ جل شانہ کا بے پایہ احسان وکرم ہے کہ اس نے مجھے حروف کا مطعات اور اسم اعظم پر اس رسالہ کو ترتیب دینے کی توفیق بخشی کروڑوں درود وسلام میرے آقا سید عالم جناب محمد رسول اللہ طہٰ ویسٓ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ جن کا سینہ اقدس آیات محکمات ومتشابہات کا گنجینہ وخزینہ ہے

وجہ تالیف یہ ہوئی کہ میں حروف مقطعات کے متعلق کچھ غور وفکر کر رہا تھا کہ اچانک میرا بیٹا جو کہ ابھی ۹ سال کا ہے قرآن حکیم لئے میرے کمرے میں آیا اور پوچھنے لگا کہ حم عسق کا کیا مطلب ہے تھوڑی دیر کیلئے مجھ پر سکتہ طاری ہو گیا میں نے اسے اشارہ غیبی سمجھا اور اپنے رب کا شکر بجا لا کر اسی کے نام سے ابتدا کردی علیہ توکلت و باللہ التوفیق

حروف مقطعات کیا ہیں

قرآن حکیم کی ۲۹ سورتوں کے اوائل میں جن حروف کو ہم قطعہ قطعہ پڑھتے ہیں اگرچہ وہ ملا کر لکھیں ہوئے ہے مثلاً الم حم اسے الم نہیں پڑھتے بلکہ الف لام میم پڑھتے ہیں یونہی کھیعص کو کاف ھا یا عین صاد علی ھذا القیاس ان حروف کو حروف مقطعات قرآنی کہتے ہیں اور یہ حروف مطلوب حقیقی اور محبوب حقیقی کے درمیاں ایک سربستہ راز ہے

حروف مقطعات اسرار محبت ہیں

کہ غیروں سے چھپا کر رب تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کئے اشرف التفاسیر میں ہے جب کھیعص نازل ہوئی جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کاف تو حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کی ھا فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کی یا فرمایا میں نے جان لیا پھر عرض کی عین فرمایا میں نے جان لیا اور پھر عرض کی صاد فرمایا میں نے جان لیا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی کیسے جان لیا مجھے تو کچھ خبر نہ ہوئی ۔۔۔۔

میان طالب و مطلوب رمزیست
کراماً کاتبین راھم خبر نیست

خلفاء راشیدین کے اقوال بابت حروف مقطعات

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر آسمانی کتاب میں کچھ اسرار ہوتے ہیں قرآن حکیم کے اسرار حروف مقطعات ہیں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ الحروف المقطعة من المکنون الذی لا یفسر حروف مقطعات ایسے پوشیدہ خزانے ہیں جن کی تفسیر نہیں کی جا سکتی

مولائے کائنات حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا لکل کتاب صفوۃ وصفوۃ ھذا الکتاب حروف الھجا ہر کتاب میں کچھ انتخابات ہوتے ہے اور قرآن کریم کے انتخابات حروف ہجا ہیں

حرف مقطعہ ھی اسم اعظم ھے

اور ایک قول یہ بھی آیا ہے کے یہ مقطع حروف جو قرآن مقدس میں آئیں ہیں وہی اسم اعظم ہے (تفسیر اتقان) یہ قول ابن عطیہ نے یوں ہی نقل کیا اور ابن جریر نے صحیح سند کے ساتھ ابن مسعود سے روایت کی کہ انہوں نے کہا وہ خدا کا اسم اعظم ہے ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا کہ الم خدا کے ناموں میں اسم اعظم ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا کہ انہوں نے کہا الم المص طہ اور حٓص یا اسی کے مشابہ الفاظ حروف قسم خدا ہے خدا نے ان کی ساتھ قسم کھائی ہے اور یہ سب خدا کے نام ہیں یعنی وہ جملہ کلمات منجملہ اسمائے الٰہی ہیں اور اس کی تائید ابن ماجہ کی وہ روایت کرتی ہے جس کو انہوں نے تفسیر میں نافع کی طریق پر بوسطہ ابی نعیم قاری فاطمہ بنت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ حضرت فاطمہ فرماتی ہے میرے والد علی ابن ابی طالب یوں دعا کرتے تھے یا کھٰیعص

اعطولی اے کاف ھا یا عین صاد تو مجھے بخش دے اور یہ روایت بھی اس کی موید ہے کہ ابن ابی حاتم نے ربیع بن انس رضی اللہ عنہ سے کٓھٰیٰعٓصٓ کے بارے میں نقل کیا ہے یامن یجیر ولا یجار علیہ اے وہ ذات پاک جو پناہ دیتی ہے اور جس پر کی پناہ نہیں پڑتی اور اشہب سے روایت ہے کہ اس نے بیان کیا کہ مالک بن انس رضی اللہ عنہ سے اس نے دریافت کیا کہ آیا کسی شخص کیلئے یہ بات مناسب ہے کہ وہ اپنا نام یٰسٓ رکھے تو مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میری دانست میں یہ بات مناسب نہیں کیونکہ اللہ پاک قرآن حکیم میں فرماتا ہے یس والقرآن الحکیم یعنی کہتا ہے کہ یہ ایسا نام ہے جس کا مسمیٰ میں خود ہوں ان روایات سے واضح اشارہ ملتا ہے کہ ان حروف کا اسماء الٰہی تمامہ ہونا ثابت ہے کہ مولائے کائنات حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم و راس المفسرین عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے صراحتاً ان حروف کے اسمائے الٰہی بلکہ اسماء عظام ہونے کا قول کیا

حروف مقطعات میں نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم

امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں طٰہٰ اور یٰسٓ یا رجل یا محمد کہ یا انسان کے معنے میں آتے ہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ دونوں لفظ بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے دو نام ہیں اس بات کو کرمانی نے اپنی کتاب العجائب میں بیان کیا ہے

راقم السطور فقیر قادری محمد عمران رضوی اختتام دعا پر رب تعالیٰ کی جناب میں یوں عرض کرتا ہے

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ و نور عرشہ وقاسم رزقہ سیدنا و مولانا محمد طٰہٰ و یٰسٓ والہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الرحمین

بحساب ابجد امت محمدی کے عمدہ انقلابات کی مدت

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں حدیث نقل کرتے ہے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ابن جریر نے روایت کی ہے حضرت جابر بن عبداللہ سے مروی ہے ایک دن ابو یاسر بن اخطب

یہودیوں کی ایک جماعت لیکر حضور صلی اللہ وعلیہ وسلم کے قریب سے گذرا اس نے سنا کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام سورہ بقرہ کا ابتدائیہ پڑھ رہے ہیں یہ دیکھ کر اپنے بھائی حی بن اخطب سے کہنے لگا آج میں نے محمد سے عجیب چیز سنی ہے کتاب الٰہی میں الم کی تلاوت کر رہے تھے حی نے کہا تو نے اپنے کانوں سے سنا اس نے کہا ہاں حی اٹھا اور یہودی عالموں کی جماعت کو لیکر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس آیا اور کہا یہ حروف آپ پر جبرائیل اللہ تعالیٰ کے ہاں سے لائے ہیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا ہاں حی اپنے ہمراہیوں سے کہنے لگا گذشتہ پیغمبروں میں سے کسی پیغمبر کو اپنی مدت معلوم نہ تھی اس پیغمبر کو اس مدت پر کیوں آگاہی دی گئی پھر اس نے اپنے ہمراہیوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ شمار کرو الف ایک ہے لام تیس اور میم چالیس پس اس دین کی مدت ساری کی ساری اکہتر برس ہے یہ دین جو اتنی قلیل مدت رکھتا ہے ہم اسے کیوں قبول کریں پھر.

حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے حی نے دریافت کیا کہ کیا اس کے علاوہ بھی آپ پر حروف نازل ہوئے ہیں حضور علیہ الصلاۃ السلام نے فرمایا ہاں المص اس نے کہا اس کی مدت اور زیادہ ہے ایک سو اکسٹھ سال پھر پوچھا اور کوئی چیز بھی آپ رکھتے ہیں حضور علیہ والصلاۃ السلام نے فرمایا المر حی نے کہا اے محمد آپ نے یہ مسلہ ہم پر مشتبہ کر دیا ہمیں معلوم نہیں کہ آپ کے دین کا رواج کم ہے یا زیادہ بعد میں جب وہ اٹھ کر چلا گیا تو اپنے ساتھیوں سے کہنے لگا۔ ہو سکتا ہے یہ ساری مدتیں اس امت کو ملیں ہوں لیکن اس امت کے دور انقلابات ان مدتوں میں دوسرے رنگوں میں ظاہر ہو گئے اس کے ہمراہیوں نے کہا ابھی کام مشتبہ ہے کچھ معلوم نہیں

حرف کی اعدادی قیمت کا ثبوت

مذکورہ بالا حدیث سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی کہ حروف تہجی کی اعدادی قیمت بحساب ابجد لینا صحیح و درست ہے کہ جب یہودی عالم نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو الم کے

اعداد ۷۱ بتائے تو حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے تکبیر فرمائی بلکہ اس یہودی کو ورطہ حیرت میں ڈالنے کیلئے آپ نے المص فرمایا جو کہ الم میں سے عددی قیمت میں بھاری ہے اس پر جب اس یہودی کا تجسس اور بڑھا تو آپ نے الر اور المر ارشاد فرمائے یہودی حیران و پریشان ہو کر واپس ہوئے ثابت ہوا کہ حروف کی قیمت نکال کر اسے اعداد میں تبدیل کرنا جائز اور ان اعداد سے نقوش بھرنا بھی جائز کہ اسلاف نے بکثرت کتب اس فن میں لکھیں مثلاً امام غزالی کی کتاب الاوفاق شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی کتاب شفاء العلیل وغیرہ دیکھے جاسکتے ہیں جن میں نقوش اعداد و حروف دونوں کے ملیں گے ساتھ ہی علم الاعداد کے ذریعہ کسی امر کا اندازہ لگانا بھی درست کہ عاملین بحساب ابجد نام مع والدہ طالع وقت حاکم ساعت منازل قمری کے اعداد نکال کر مریض کو لاحق مرض جسمانی یا روحانی کا جو اندازہ لگاتے ہیں اس میں کوئی قباحت نہیں البتہ یہ ضرور ہے کہ اس طرح جواب جو اخذ ہوتا ہے وہ ایک اندازہ ہی ہوتا جس پر سو فیصد یقین کرنا بھی درست نہیں بلکہ عامل جو بتاتا ہے اس کا انحصار حساب پر ہوتا ہے جو کہ صحیح بھی ہوسکتا ہے اور غلط بھی علاوہ یہ نقطہ بھی ذہن میں رہے کہ عوام جو عاملین کی تشخیص کا اعتبار کریں تو یوں جانے کہ یہ عامل تجربہ کار اور اس کی تشخیص کا اعتبار اس کی تجربہ کاری کی بنیاد پر ہے

اسم اعظم اور حروف مقطعات

امام ابن جریج نے حضرت ابن مسعود سے الم کی تفسیر یہ نقل کی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔

امام ابن جریج اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس سے الم حم اور طس سے متعلق روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے ابن عباس کہتے ہیں الم میں الف سے مراد ذات الٰہی اور لام سے مراد اسم اللہ اور میم سے مراد علم اور را سے مراد رویۃ ہے

امام بونی رحمۃ اللہ لکھتے ہیں حروف مقطعات قرآن مجید میں بالترتیب یوں وارد ہوئے ہیں

الم المص المر کھیعص طہ طس طسم یس حم حمعسق ق ن ان میں سے ۱۸

تکرار کل ۱۴ حروف ہے ابوالعالیہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول کی طرف اشارہ کیا کہ حروف اوائل سورۃ ہی اسم اعظم ہیں۔یعنی وہ حروف جو سورتوں کے شروع میں آئے ہیں وہی اسم اعظم ہیں اور فرمایا یہی وہ ۱۴ چودہ حروف ہیں جن کو ظاہر و باطن میں اسم اعظم کہا گیا ہے حروف مقطعات میں سے ہر ایک حروف کے معنی اللہ تعالیٰ کسی بندے کو بتادے تو اس سے کرامتیں ظاہر ہونے لگیں

حروف مقطعات بے معنی نہیں

احادیث و آثار کے مطالعے سے یہ بات روز روشن سے زیادہ عیاں ہو جاتی ہے کہ حروف مقطعات قرآنی ہرگز ہرگز بے معنی نہیں بامعنی ہے بلکہ سر آسمانی ہے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں علمائے جفر کے نزدیک اس عالم کے ارکان کے ساتھ حروف کی مناسبت کے بیان میں ایک بلیغ و رامتہ ہے اور وہ رامتہ ان حروف کی خطی اشکال پہنچتی ہے حاصل کلام یہ کہ حروف ہجا کا اجمالی معنوں کا ہونا اور ان معنوں پر نظر رکھتے ہوئے حقائق کلیہ کے ساتھ ان کی مناسبت کا ہونا ایک ایسا امر ہے کہ اہل کشف و تحقیق اور اہل اشتقاق و تصرف دونوں کے نزدیک مسلم ہے اگر ظاہر بین متکلمین اور فقہا اس کا انکار کریں تو وہ کسی گنتی میں نہیں ، شاہ صاحب علیہ الرحمہ کی عبارت ختم ہوئی (تفسیر عزیزی)

حروف مقطعات میں سے الم کی خصوصیت

ویسے تو تمام حروف نورانی بتمام و کمال نور علی نور ہیں لیکن ان میں تین حروف ایسے ہیں جن کی خاصیت بہت زیادہ ہے اور ان تینوں کے بزرگ و برتر ہونے کیلئے واضح اشارہ موجود ہے کہ انہیں قرآن مقدس کی سب سے بڑی سورت کے شروع میں لایا گیا

امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں نقل فرماتے ہیں ابن جریر اور ابن ابی حاتم دونوں نے الم کے بارے میں ابی العالیہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ تین حروف ان انتیس حروف میں سے ہیں جن کے ساتھ زبانوں کا تلفظ قائم ہے یہ تین حروف ایسے ہے کہ جن میں کوئی نا کوئی خدا کے کسی اسم کا مفتاح ہے

پہلا حروف الف وہ خدا کی نعمتوں اور آزمائشوں اور قوموں کی مدتوں کی اور ان کی میعادوں میں بھی ضرور آتا ہے مثلاً الف اسم اللہ کا مفتاح لام خدا کے اسم لطیف کا مفتاح اور میم اس کے اسم مجید کا مفتاح ہے الف سے آل ء اللہ (خدا کی نعمتیں) لام سے لطف اللہ (خدا کی مہربانیاں) اور میم سے مجد اللہ (خدا کی بزرگی) کا آغاز ہوتا ہے اور مدتوں کی مثال الف سے ایک سال لام سے تیس سال میم سے ۴۰ سال نکلتے ہیں (تفسیر اتقان)

طٰهٰ بمعنیٰ بدرِ کامل

امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ اپنی تفسیر میں جو بڑی پیاری بات نقل کرتے ہے کہ طہ بمعنی بدر (چودھویں شب کا چاند) کے ہیں کیونکہ ط کا عدد ۹ اور ہ کا عدد ۵ ان کا مجموعہ چودہ ۱۴ ہوا اور اس تعداد کامل سے بدر کامل کی طرف اشارہ ہے کیوں کہ چاند چودہ تاریخ کو ماہ تمام بنتا ہے اسی کو اعلیٰ حضرت امام اہل سنت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے یوں ارشاد فرمایا

کعبہ کا بدر الدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

مقطعات الر، حم، ن

تفسیر اتقان میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول اجواب نقل کیا گیا ہے کہ الر، حم اور ن اسم الرحمن کے تفریق کئے گئے حروف ہیں راقم السطور فقیہ قادری کہتا ہے جب امام المفسرین عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ جب اتنی وضاحت کے ساتھ بیان فرما دیں تو اب مزید کوئی الجھن یا حیرانی باقی نہیں رہ جاتی جو ان حروف مقطعات کو اسماء الٰہی تسلیم کرنے میں رکاوٹ بنے اور جب ان کا اسماء الٰہی ہونا محقق ہو گیا تو لازم ہوا کہ ان ہی اسمائے الٰہی میں اسم اعظم بھی موجود ہو

حروف مقطعات قرآنی کی تحقیق میں سولہ اقوال

پہلا قول یہ ہے کہ یہ حروف اسرار محبت اور انہیں دوسروں سے چھپا کر اپنے حبیب پاک صاحب لولاک علیہ الصلاۃ والسلام کو ان کا پتہ دیا گیا ہے کیونکہ حروف مقطعات سے خطاب کرنا احباب کی سنت ہے کیونکہ حبیب کا راز جو کہ حبیب کے پاس ہے واجب ہے کہ اس پر رقیب کو اطلاع نہ ہو

دوسرا قول: یہ حروف مقطعات سورتوں کے نام ہیں اور اکثر متکلمین کا مذہب یہی رہا ہے

تیسرا قول: یہ ہے کہ یہ حروف اسمائے الٰہیہ ہیں اور یہ قول حضرت ابن عباس اور دیگر منتخب صحابہ کرام رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور امیر المومنین شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اپنی دعاء میں یوں عرض کرتے یا کہیعص یا حمعسق اغفرلی

چوتھا قول یہ ہے کہ یہ قرآن پاک کے نام ہیں یہ قول عبدالرزاق نے قتادہ سے نقل کیا اور اسی کو ابن ابی حاتم نے بھی نقل کیا علی هجاء فی القرآن فهو اسمه من اسماء القرآن

پانچواں قول: یہ ہے کہ ان حروف میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے کسی نام پر بطریق اشارہ دلالت کرتا ہے مثلاً الف سے احد اول آخر اور ابدی کا اشارہ ہے اور لام لطیف کا اشارہ اور میم مجید منان کا اشارہ ہے کاف سے کافی حا سے حامی عا سے حکیم عین سے عالم صاد سے صادق کا اشارہ ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ان حروف سے صفات مرکبہ کا استنباط کیا مثلاً الم میں انا اللہ اعلم۔ المص میں انا اللہ اعلم و افصل۔ الر میں انا اللہ اری وغیرہ

اور محمد بن کعب نے صفات افعال کو انہیں حروف سے نکالے ہیں الف اللہ اور لام لطف الٰہی ہے اور میم اس کی مد ہے

چھٹا قول: یہ ہے کہ الف اللہ سے لیا گیا لام جبرائیل سے اور میم محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی اللہ نے اس کتاب کو بواسطہ جبرائیل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا

ساتواں قول: عبدالعزیز بن یحییٰ نے کہا کہ بچوں کی تعلیم کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے انہیں روز ابجد مقطعہ کی تعلیم دیتے ہیں اس کے بعد مرکبات لکھاتے ہیں تو ان حروف کو مقطعہ لانے میں اسی طرف اشارہ ہے

آٹھواں قول: قطرب نحوی نے کہا کہ جب کفار اس قرآن کو سنتے تھے تو مذاق اڑاتے اور بیہودہ باتیں کرتے تھے چنانچہ قرآن مجید میں فرمایا کہ ان کافروں نے کہا اس قرآن کو مت سنو اور اس میں شور ڈالو لہذا حق تعالیٰ نے ان حروف مقطعات کو اس لئے اتارا کہ تعجب سے سننے لگے اور قرآن پاک کے معنے ان کے دلوں پر وہاں سے اثر کریں کہ جس شعور تک نہ ہو

نواں قول: مبرد کہتے ہیں کہ بعض سورتوں کے اول میں ان حروف مقطعہ کو لانا کافروں کو ہوش دلانا اور متنبہ کرنا ہے کہ یہ دیکھو یہ قرآن پاک ان ہی حروف سے ہے کہ تم بھی اپنے کلام انہیں سے ترتیب دیتے ہو اگر یہ ہمارا کلام نہ ہو تو تم سب اس کے مقابلے سے عاجز کیوں ہو

دسواں قول ابوالعالیہ کہتے ہیں کہ یہ حروف ابجد کے حساب سے اس امت کے مدہ انقلابات کے اوقات اور مدتوں کی طرف اشارہ ہے کہ ان میں سے بعض معلوم اور بعض نامعلوم ہیں اس کی تائید میں وہ روایت ہے جو بخاری نے اپنی تاریخ اور ابن جریر نے اپنی تفسیر میں نقل کی ہے (اس کا بیان آئندہ صفحات پر ملاحظہ کیجئے)

گیارھواں قول: یہ ہے کہ حروف ایک کلام کے ختم ہونے اور دوسری کلام کے شروع ہونے پر دلالت کرتے ہیں

بارھواں قول: یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے ان حروف کی قسم اٹھائی ہے فی الواقع یہ حروف ایک شرافت رکھتے ہیں اور اسی شرافت کی وجہ سے قسم کے قابل ٹھہرے یہ حروف ذکر الٰہی کا مادہ ہیں کلام اللہ کی اصل اور بندوں کے نام اس کا خطاب ہیں

تیرواں قول: الف امر سلوک کی ابتدا یعنی شریعت پر استقامت کی طرف اشارہ ہے چنانچہ فرمایا جن لوگوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر انہوں نے استقامت اختیار کی اور لام اس چیز کی طرف اشارہ ہے جو دوران مجاہدہ حاصل ہوتی ہے چنانچہ فرمایا جن لوگوں نے مجاہدہ کیا ہم ضرور انہیں اپنی راہوں کی طرف ہدایت دیں گے اور میم اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ بندہ محبت کے مقام میں دائرہ کے مانند گھومتا رہتا ہے اس کی انتہا میں ابتدا ہوتی ہے

چودھواں قول: الف حلق کی جڑ سے ظاہر ہوتا ہے اور لام زبان کی طرف سے جو کہ مخارج کا درمیان ہے اور میم لب سے ظاہر ہوتا ہے جو کہ مخارج کا آخر ہے اس طرف اشارہ ہے کہ بندہ کے کلام کی ابتدا اور میان اور انتہا اللہ تعالیٰ کا ذکر چاہیئے

پندرھواں قول: یہ ہے کہ الف لام تعریف کی علامت ہے اور میم علامت جمع گویا فرمایا گیا کہ قرآن پاک کا نزول تمام لوگوں کو آگاہی بخشنے کیلئے کیا تاکہ حق تعالیٰ کے احکام کو پہچانیں

سولھواں قول: ان حروف کو اوّل میں لانا اعجاز ثابت کرنے کیلئے ہیں کیونکہ لکھے اور پڑھے بغیر ان حروف کے ناموں کو پہچانا نہیں جاسکتا، بالکل بے پڑھا تو کسی استاد کے سامنے نا بیٹھا ہوا سے ان حروف کے نام معلوم نہیں ہو سکتے ہاں صرف حروف کے ساتھ بولتا ہے پس جب حضور اکرام صلی اللہ علیہ وسلم بغیر کسی استاد کے لکھے پڑھے ان اسماء حروف کا ذکر فرمائیں تو یقین حاصل ہوگا کہ آپ نے ان حروف کی وحی کے ذریعے ہی معلوم کیا ہے، خصوصاً جب گہری نظر سے دیکھا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ ان حروف کو لانے میں اس قدر باریکیوں اور نکات کی رعایت کی گئی ہے کہ ماہر عربی دان کیلئے بھی ان کی رعایت ممکن نہیں

تیرے آگے یوں ہیں دبے لیے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زبان نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

(امام اہل سنت اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ)

حروف مقطعات کا اسمِ اعظم ہونا

گذشتہ صفحات میں آپ پڑھ آئے ہیں کہ حروف مقطعات کا اسماء الٰہیہ ہونا اکابر صحابہ بالخصوص باب العلم مولائے کائنات حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم اور رئیس المفسرین حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ثابت ہے اب جب کہ ان حروف کا اسمائے الٰہی ہونا اظہر من الشمس ہو گیا تو چند ایسے اقوال نقل کر دوں جس سے کہ ان کا اسم اعظم ہونا بھی خود بخود ہی ثابت ہو جائے ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ الم خدا کے ناموں میں سے اسم اعظم ہے۔

تفسیر درمنثور میں ہے امام ابن جریج نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے الم کی تفسیر یہ نقل کی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اور امام ابن جریج اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس سے الم حم اور طٰس کے متعلق روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اطمینان قلب کیلئے ان جید صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اقوال باکمال کافی ہیں اس طرح کے اقوال بکثرت میرے پیش نظر ہیں چونکہ یہ کتاب مختصر ہونے کے ساتھ فن عملیات کی نوٹ سے ہے اس لئے تمام کو نقل کرنے کی اصلاً ضرورت نہیں ہاں اس تعلق سے جو بات سیدی مرشدی امام بونی علیہ الرحمہ نے لکھی وہ نقل کیلئے دیتا ہوں کہ اگرچہ مختصر ہے لیکن طالبین اور اہل ذوق کیلئے سامان تسلیمِ دل و جان ہے امام بونی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے علم سے جس قدر چاہے انبیاء و اولیاء کو عطا فرماتا ہے جس کے آثار اس نے عالم غیب میں رکھے ہیں اور اس پر مخلوق میں سے کسی کو مطلع نہیں کیا گیا جب اللہ اپنے کسی بندے کو اس علم کی عزت دینا چاہتا ہے تو پہلے اسے علم لدنی کی تعلیم دیتا ہے جس سے وہ ولایت کے مقام پر پہنچتا ہے اور ان ننانوے اسماء میں سے کسی اسم کے علوم اس پر کھول دیتا ہے جو ظاہر بین عالم و نظر و برہان سے معلوم نہیں ہو سکتے پھر اسمائے باطنیہ کی طرف اس کو متوجہ کراتا ہے جن کو معلوم کرنے کے بعد اسماء باطنیہ کی تعلیم دیتا ہے جو کہ وہ چودہ حروف ہیں جو قرآن حکیم کی سورتوں کے اوائل میں ہیں پھر ان کے سمجھنے کے

بعد اسم اعظم حضرت خضر علیہ السلام کے ذریعہ تعلیم ہوتا ہے بعض اوقات بطریق الہام بھی اسم اعظم بتایا جاتا ہے اور اولیاء اللہ میں اس کے حاصل ہونے کے مختلف طریقے ہیں (امام بونی کی تحریر ختم ہوئی) راقم السطور فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی شکستہ عرض کرتا ہے کہ اتنی بات تو عیاں ہو گئی کہ حروف مقطعات قرآنی کا علم خدائے بے نیاز اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اس امت کے اولیاء کو عطاء فرماتا ہے ہاں یہ بات ضرور ہے ہر نیچے درجے والا اپنے اوپر کے درجے کا متحمل نہیں ہو سکتا کہ خدائے تعالیٰ علیم وخبیر کے علم کا دریا ناپید اکنار ہے اس سے نہریں انبیاء و رسل علیہم السلام کو عطا ہوئیں اور ان نہروں سے چھوٹے چھوٹے راجباہ ہر مومن کے ملاء تک پہنچی اور ان راجباہوں سے عوام الناس کو ان کی استعداد کے مطابق نالیاں پہنچی ہیں

حم لا ینصرون اور دعائے حزب البحر

حدیث صحیح میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے دوران جہاد فرماتے کہ جب دشمن پر حملہ کرو تو حم لا ینصرون کثرت سے پڑھا کرو (مفہوم) عین مصیبت کی گھڑی میں مومن خدائے بزرگ و برتر کو اس کے مخصوص نام سے پکارتا ہے اور یہ بات فطرتاً ثابت ہے کہ انسان پر مصیبت و آلام میں جب سب دروازے بند ہو جائیں تو اللہ رب العزت کو اس کے چند دو ناموں سے پکارتا ہے بعض وقت تو اسے اس نام کا علم ہوتا ہے اور بعض وقت لاشعوری طور پر زبان سے جاری ہو جاتا ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہر بندے کیلئے الگ الگ اسم اجابت دعا کیلئے مقرر ہوتی ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مخصوص نوعیت کی مصیبت کیلئے ایک خاص اسم اعظم مقرر ہوتا ہے لہذا اس خاص وقت میں یا اس کے بعد کبھی کبھی اس طرح کی مصیبت میں جملہ تمام بندوں کیلئے وہ اسم یکساں طور پر اسم اعظم کا کام دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ دعائے حزب البحر شریف جو کہ خاص دفع شر اعداء میں شہرت تام رکھتی ہے، میں حم لا ینصرون کے ساتھ سات مرتبہ لائے گئے جس سے شش جہات یعنی دائیں بائیں آگے پیچھے اوپر نیچے کا

حصار مقصود ہوتا ہے جو کہ دشمن اور نہ صرف دشمن بلکہ بلائے ناگہانی زمینی و آسمانی سے بھی حصار و حفاظت کا ضامن ہے اور لطف یہ کہ قرآن کریم میں بھی خمسہ سورتوں کے اوائل میں وارد ہوا پھر یہ کہ دعائے حزب البحر شریف خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام شاذلی علیہ الرحمہ کو بطریق منام تعلیم فرمائی اب اوپر جو حدیث میں نے نقل کی اس کو دوبارہ پڑھئے تو پتہ چلے گا کہ ہمارے آقا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح نا صرف صحابہ کو حم لا ینصرون کی تعلیم فرمائی بلکہ صدیاں گزرنے کے بعد اپنی امت کی دستگیری کیلئے امام شاذلی علیہ الرحمہ کو دعائے حزب البحر میں حم لا ینصرون کی کثرت کی ترغیب و تعلیم عطا فرمائی جب سے لیکر آج تک یہ دعا عوام و خواص کے معمولات میں شامل جس کی برکات بے انتہا اور فوائد کثیر ہیں

تم ہو حفیظ و مغیث کیا ہے وہ دشمن خبیث
تم ہو تو پھر خوف کیا تم پہ کروڑوں درود

حروفِ نورانی، حروف نورانی کیو ہیں

اسے سمجھنے کیلئے آپ کو یہ سمجھنا ہوگا کہ حروف ظلمانی و ظلمانی کیوں کہا گیا چیزیں اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں حروف ظلمانی اس وجہ کر حروف ظلمانی ہیں کیونکہ مقطعات قرآنی میں یہ حروف استعمال نہیں ہوئے وہ یہ ہیں

خ۔ ث۔ ب۔ ج۔ د۔ ز۔ ش۔ ض۔ ظ۔ غ۔ ف۔ و۔ ذ

ان حروف کے علاوہ ۱۴ حروف وہ ہیں جنہیں مقطعات قرآنی میں لایا گیا یہاں عددی مناسبت بھی لطیف تر ہے کہ حروف نورانی بھی چودہ ۱۴ اور مقطعات قرآنی بھی ۱۴ یہ حروف مقطعات قرآنی میں آنے کے سبب نورانی ہوئے اور اس لئے انہیں حروف نورانی کہا جاتا ہے خیر یہ میں نے کوئی ایسی بات نہیں کردی کہ جس سے بہت بڑا عقدہ حل ہو گیا بلکہ یہ بات مختلف انداز میں آپ کو دوسری کتابوں میں مل جائیگی

حروف نورانی کی ضوفشانی

لیکن اب راقم السطور فقیر قادری گدائے چشتی محمد عمران رضوی عفی عنہ بتوفیق خدا حروف نورانی کی ایسی تشریح بیان کریگا جس سے کہ ان کا حروف نورانی ہونا اور اسماء حکام سبحانی ہونا بطریق اولیٰ واحسن ظاہر و باہر ہو جائیگا اس کیلئے آپ ہر دو قسم کے حروف کا اجتماعی مطالعہ کریں سب سے پہلے آپ حروف ظلمانی کا بغور مطالعہ کریں آپ کوشش کریں کہ بغیر حروف نورانی کو شامل کئے کوئی اسم الٰہی بن جائے آپ حیرت زدہ ہو گے کہ سوائے ایک اسم کے کوئی اسم بغیر حروف نورانی کو شامل کئے محض حروف ظلمانی کی ترکیب سے نہیں بن رہیا ہیں

ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ خ۔ د۔ ذ۔ ز۔ ش۔ ظ۔ غ۔ ف۔ و۔ ش

یہ حروف ظلمانی ہیں ان کا اجتماعی مطالعہ کریں اور انہیں آپس میں ملا کر کوئی اسم الٰہی بنانے کی کوشش کریں کوئی اسم نہیں بنے گا سوائے ایک تے لیکن اس کے برعکس حروف نورانی کو آپس میں جوڑ کوئی ایک اسمائے باری تعالیٰ بن جاتے ہیں

ا۔ ح۔ ر۔ س۔ ص۔ ط۔ ع۔ ک۔ ق۔ ل۔ م۔ ن۔ ہ۔ ی

ان میں سے الف لام ہا کو ملایا تو قطب الاسماء اللہ بن گیا ہا اور یا و ملا سے حی ہا اور قاف ملانے سے حق میں لام اور یا کو ملایا تو علی مقطعات قرآنی کا اسمائے الٰہی ہونا حضرت علی وابن عباس رضی اللہ عنہ سے ثابت آئیں مثلاً کہیعص حمعسق تو ان میں بھی کوئی حروف ظلمانی شامل نہیں علاوہ اس کے ہر ایک اسم الٰہی میں آپ کو ایک یا دو یا تین حروف نورانی ملیں گے کہ بغیر ان کے اسم باری تعالیٰ ترتیب نہیں پاتے اور جیسا کہ پچھلے صفحات میں آپ پڑھ آئیں ہیں حروف مقطعات ہی اسم اعظم ہیں تو پتہ چلا کہ ہر ایک اسم الٰہی میں اسم اعظم کے حروف شامل ہیں

اسم الٰہی واسم اعظم

اسماء الحسنیٰ تمام کے تمام بابرکت معزز و محترم ہیں لیکن ہر ایک کے بارے میں اسم اعظم ہونے کا قول حدیث و آثار میں نہیں ملتا بلکہ استثنائی طور پر چیدہ چیدہ اسمائے باری تعالیٰ و آیات قرآنی و الفاظ دعا کو اسم اعظم کہا گیا یا اس طرف اشارہ کیا گیا مثلاً دعائے یونس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بصراحت اسم اعظم کہا (ترمذی و نسائی) و الٰهكم اله واحد الخ اور الم الله لا اله الا هو الحي القيوم کے بارے میں فرمایا کہ ان دونوں آیتوں میں اسم اعظم ہے اسی طرح حضرت زید بن صامت رضی اللہ کی دعا کو سن کر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یا اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے تو اجابت کرے اور مانگا جائے عطا فرمائے (ابن ابی شیبہ و ابن حبان و حاکم)

یونہی ابن ماجہ کی روایت کی مطابق حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ نے جب دعا کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان میں اسم اعظم ہے اسی طرح ابو درداء و ابن عباس نے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا رب یا رب اسم اعظم ہے بندہ یا رب یا ربّ کہتا ہے تو رب عزوجل فرماتا ہے بیشک اے میرے بندے مانگ تجھے دیا جائے گا ایسے ہی امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم الله الذي لا اله الا هو رب العرش العظيم ہے

صحابی رسول ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد قاسم بن عبد الرحمن شامی کہتے ہیں اسم اعظم الحی القیوم ہے امام قاضی عیاض مالکی علیہ الرحمہ نے بعض علماء سے نقل فرمایا اسم اعظم کلمہ توحید ہے

لا اله الا الله محمد رسول الله

امام فخر الدین رازی و بعض صوفیائے کرام نے کلمہ ھو کو اسم اعظم بتایا جمہور علماء و اجلہ اولیاء کے بالخصوص سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہے کہ اللہ اسم اعظم ہے بعض علماء نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بتایا اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی شخص کو یاذالجلال والاکرام کہتے سنا فرمایا تیری دعا قبول ہوئی

بعض علماء نے کہا بدیع السموات والارض یاذالجلال والاکرام اسم اعظم ہے
ان مستند روایات میں کہیں یہ کہا گیا کہ ان آیات میں اسم اعظم ہے اور کبھی اندرون دعاء اسم اعظم کی
نشاندہی کی گئی اور اسم اللہ رب یاذالجلال والاکرام الحی القیوم اور اسم ھو اور بسم اللہ
شریف کو پورا کا پورا اسم اعظم کردیا گیا

حروف نورانی اسم اعظم سے نکلے ہیں

تفسیر اتقان میں ابن عطیہ کا یہ قول نقل کیا جس اسم الٰہی کے یہ حروف مقطعہ قرآن میں آئے ہیں وہی اسم
اسم اعظم ہے (تفسیر اتقان)
اس نہایت خوبصورت روایت یہ پتا چلا کہ جن جن اسماء میں یہ حروف ہیں وہ تمام اسم اعظم ہیں اس لحاظ
سے اسماء الحسنیٰ سب کے سب اسمائے عظام ہوئے خدا کا کوئی نام ایسا نہیں جو اسم اعظم نہیں

حروف نورانی کی زکات
ماخوذ از حروف مقطعات و اسم اعظم

حروف نورانی کی اس زکات کا اثر ایک سال تک قائم رہتا ہے گو کہ ہر سال تجدید زکات کرنی پڑتی ہے
زکات بہ نیت مقطعات قرآنی و حروف نورانی ادا کی جائیگی یہ جتنا چاہیے کہ اگرچہ حروف مقطعات و
حروف نورانی ایک ہی ہے لیکن حروف مقطعات اپنی ترکیب اور ترتیب کے لحاظ سے صرف حروف نورانی
نہیں رہے بلکہ اسرار قرآنی اور منبع فیوض روحانی بن جاتے ہیں اس وجہ سے تاثیر عمل کے لحاظ سے حروف
مقطعات اور حروف نورانی نوع مختلف ٹھہرے زکات میں ہر دو کی نیت سے فائدہ جلیلہ حاصل ہوگا کہ
بیک وقت حروف نورانی و حروف مقطعات قرآنی دونوں کی زکات ادا ہو جائیگی۔ پھر عامل حروف نورانی
کی منسوبہ لوح اور مختلف اعمال و نقوش و طلسم تیار کرسکتا ہے اور ساتھ ہی حروف مقطعات قرآنی کے نقوش
بھی لکھ سکے گا خدائے بزرگ و برتر کے اذن سے ان نقوش و طلسمات و اعمال میں فوری اثر پائیگا

طریقہ زکات

کوئی پرہیز نہیں روزہ رکھیں تو بہت عمدہ پہلی رجب کو بعد نماز فجر تازہ غسل کرے سفید کپڑے زیب تن کرے خوشبو سے اپنے وجود کو معطر کرے گھر ہ بخور ولوبان میں بسا دے دو رکعت نفل ادا کرے اس کا ثواب مولائے کائنات حضرت علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کی بارگاہ میں پیش فرمائے رجال الغیب کو سلام عرض کر کے انہیں بائیں جانب یا پشت پر دے اور ۷۹۳ مرتبہ زعفران کی سیاہی سے سفید کاغذ پر

علی صراط حق نمسکہ

ایک نشست میں لکھیں پھر شیرنی پر اس لکھنے کے ثواب بھی شامل کر کے فاتحہ دے اور بچوں میں تقسیم کر دیں زکات ادا ہو جائے گی آئندہ ایک سال کیلئے آپ اس کے عامل ہو گئے ادائے زکات سے قبل اجازت ضروری ہے کہ بغیر اجازت کے ہرگز کامیابی نہیں مل سکتی

یہ ایک ایسی زکات ہے جس کی تجدید ہر سال کرنی پڑے گی اور ایک دوسری قسم زکات کی ہے جسے ادا کر دینے سے سال بہ سال زکات کی تکلیف اٹھانی نہیں پڑتی ہے بلکہ عامل زندگی بھر اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اس کا طریقہ انشاء اللہ کسی اور نشست میں تحریر کروں گا

عامل حروفِ نورانی سے کیا کام لے سکتا ہے

زکات ادا کرنے کے بعد عامل اپنے صوابدید پر حروف نورانی سے، دنیا بھر کے تمام کام لے سکتا ہے اس کے عامل کو نقش و عمل کی ترکیب بطور الہام خود بخود آتے رہتے ہیں بشرطیکہ عامل واقعی معنی میں عامل ہو ہر قسم کے گناہوں سے بچتا ہو یا بالخصوص زبان سے کسی مسلمان کو ایذا نہ دیتا ہو حروف نورانی کا عامل مندرجہ ذیل امور میں ان حروف کی قوت و تاثیر سے تصرف کر سکتا ہے

۱۔ جادو سحر جو کہ گندے عملی اعمال سے کرائے جاتے ہیں اس کی کاٹ میں

۲۔ جادو ٹونے ٹوٹکے جن شیطان کی اثرات سے حفاظت میں

۳۔ جان و مال واسباب، اور کاروباری نقصان سے تحفظ میں

۴۔ دشمنوں کو زیر کرنے اور ان پر ہمیشہ غالب رہنے کے سلسلے میں

۵۔ ہر قسم کی خیر و برکت دکان و مکان کے سلسلے میں

۶۔ گھروں سے شیطانی اثرات کے دفعیہ کے سلسلے میں

۷۔ شیطانی وسوسے اور نمازوں میں کاہلی کے دفعیہ کے سلسلے میں

۸۔ موذی جانوروں سے حفاظت کے سلسلے میں

۹۔ قوت حافظہ میں زیادتی کے سلسلے میں

۱۰۔ امراض قلب سے شفاء کے سلسلے میں

۱۱۔ گھر دکان مکان محلہ بستی کے حصار و حفاظت کے سلسلہ میں

۱۲۔ تسخیر حکام وافسران کے سلسلے میں

۱۳۔ تفریق وطلاق سے محفوظی کے سلسلہ میں

۱۴۔ دوران سفر دشمنوں کے نرغے سے بچنے کے سلسلے میں حروف نورانی کا عامل خاص طور پر متصرف ہو سکتا ہے اور ہر جائز کاموں میں جو بھی نقش تعویذ یا طلسم عطا کر سائل کو دیگا یا خود استعمال میں رکھے گا تو یا ذ اللہ ان میں عجیب اثر پائیگا اور خود بھی حیران رہ جائیگا کہ واقعی ان حروف میں رب قدیر نے وہ تاثیریں ودیعت کی ہیں کہ عقل ان کا احاطہ نہیں کر سکتیں، ویسے تو حروف نورانی سے ہر قسم کے اعمال ونقوش تیار کئے جا سکتے ہیں لیکن میں نے ۱۴ کے عدد کا لحاظ رکھتے ہوئے محض ۱۴ امور ہی گنائے ظاہر ہے ان چودہ کے ضمن میں چودہ سو امور اور ان کا حل بھی ۱۴ مقطعات قرآنی سے بلاشبہ نکل سکتا ہے عقل مند کو اشارہ کافی ہے

حروف مقطعات کے خواتم سلیمانی

خواتم سلیمانی کی شکل میں حروف مقطعات پہلی بار منظر عام پر لانے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں اس سے قبل آپ نے مقطعات قرآنی کو خاتم سلیمانی میں کبھی نہیں دیکھا ہوگا یہ میرے رب کا فضل ہے کہ لوح قضا و قدر کی برکت سے فقیر راقم السطور کو اس کا اشارہ ملا ان خواتم کے خواص و اثرات و برکات از حد ہیں بس اتنا سمجھنا چاہیے کہ حروف مقطعات اگر اسم اعظم ہیں تو خاتم سلیمانی علامت اسم اعظم کہ اس خاتم میں کوئی بھی آیت یا اسم بھرا جاتا ہے تو اس آیت یا اسم کو مثل اسم اعظم کے قوی الاثر بنانے کی خاطر بھرا جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ خاتم سلیمانی کی شکل علامت اسم اعظم ہے پھر جب اس میں مقطعات قرآنی لایا جائیگا جو بذات خود اسم اعظم ہے تو یہ خواتم کس قدر پر تاثیر بلکہ سریع التاثیر بن جائینگے اس کا اندازہ لگانا کچھ مشکل نہیں، خواتم حروف مقطعات کو لکھنے کیلئے حروف نورانی مقطعات قرآنی کا عامل ہونا ضروری ہے ان خواتم کو کسی بھی سیارے کی شرف میں یا سعد نظر تثلیث و تسدیس میں یا نوچندی جمعرات کو اول ساعت میں تیار کر سکتے ہیں اگر کاغذ پر بنانا ہو تو لازمی ہے کہ زعفران و عنبر سے بنائیں اور قلم شاخ انار کا ہو اور اگر دھات پر کندہ کرنا ہو تو عامل اپنے صوابدید پر دھات کا انتخاب کرے لوح کی تیاری کے بعد اسے خوشبو کی دھونی دے اور دعائے حضرت خضر علیہ السلام ۱۱۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں

خاتم سلیمانی الم

خاصیت: علم لدنی اور معرفت الٰہی کیلئے لکھ کر پاس رکھے اور چینی مٹی کی طشتری پر لکھ کر آب زم زم سے دھوئے اور پی لیا کرے قوت حافظہ کیلئے بچوں کو پلانا مفید ہے

خاتم سلیمانی المص

خاصیت: اس خاتم کو شرف شمس یا اوج شمس میں لکھ کر پاس رکھے اور اگر سونے یا چاندی کی تختی پر کندہ کر کے پاس رکھیں تو عمر بھر کیلئے کافی ہے اس کی برکت سے حاکم و افسران اعلیٰ مہربان ہونگے ہر جگہ عزت افزائی ہوگی

خاتم سلیمانی (الرٰ)

خاصیت: یہ خاتم بلندی مراتب اور بزرگی حاصل کرنے کیلئے مفید ہے اول ساعت مشتری میں دھات پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے حب وتسخیر کیلئے ساعت زہرہ میں لکھے

خاتم سلیمانی (کھیعص)

خاصیت: محبت کیلئے یہ خاتم زود اثر ہے لکھ کر محبوب کو پلانا چاہے نئے اگر لوح تیار کرنی ہو تو جمعہ کے دن اول ساعت زہرہ میں ایک طرف خاتم کھیعص دوسری طرف خاتم حمعسق کا ہو یہ خاتم دعا کی قبولیت کے لئے بھی زود اثر ہے ایسا شخص جو مضطرب الحال ہو قسمت کا مارا ہوا ہے اسے خاتم کی ضرورت ہے۔

خاتم سلیمانی (حمعسق)

خاصیت: اوپر اس کی خاصیت کہیعص کے ساتھ گذری اس کے علاوہ یہ خاتم دشمن کی زبان بندی کیلئے از حد مفید ہے کسی بھی دشمن کی زبان بند کرنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے اس خاتم کو بدھ کے دن اول ساعت میں لکھے یا دھات پر کندہ کرے

خاتم سلیمانی (طٰہٰ یٰس)

خاصیت: اس خاتم کو دفع آسیب سحر و آسیب کے لئے تیار کیا جاتا ہے اور اس کی خاصیت بہت زیادہ ہے فتوحات غیبی اور تحفظ کے لئے لاجواب ہے

خاتم سلیمانی (طسم)

خاصیت: یہ خاتم تسخیر خلق اور مقہوری اعداء کیلئے مفید ہے اس کو ساعت شمس میں کندہ کریں یا زعفران سے کاغذ پر لکھ کر پاس رکھے تو دشمن زیر ہو اور خلائق مسخر ہو

خاتم سلیمانی (طس)

خاصیت: سحر زدہ اس خاتم کو پاس رکھے تو سحر زائل ہو بچہ جو ضدی ہو اس کو یہ خاتم پہنایا جائے ضد چھوڑ دیگا اور اگر کسی کا رشتہ نہ ہو تو ایک طرف یہ خاتم اور دوسری طرف خاتم کہیعص لکھوا کر پاس رکھے ان شاء اللہ جلد رشتہ طے ہوگا۔

خاتم سلیمانی (یٰس)

خاصیت: یہ خاتم نور ایمان و معرفت حاصل کرنے کیلئے ہے اسے لکھ کر یا دھات میں کندہ کر کے پاس رکھے تو حقائق و معارف کے دروازے کھل جاتے ہیں کند ذہن کو لکھ کر روزانہ پلایا جائے تو ذہین ہو جائے اور حافظہ قوی ہو جائے کسی کو رنج و غم نے گھیر رکھا ہے اور وہ پریشان میں مبتلا ہے تو اسے دھو کر روز پلایا کرے اور کوئی مناظرہ یا ایسا شخص جو چاہے کہ دوسروں پر دوران گفتگو غالب رہے اس خاتم کو اپنے پاس رکھے اور دھو کر پیا کرے یہ خاتم خیر و برکت کیلئے بھی نہایت مفید ہے

خاتم سلیمانی (صٓ)

خاصیت: حروف مقطعہ صٓ کا خاتم رو کرو دفع آسیب اور امراض شدیدہ سے شفا کیلئے مفید ہے، ایسا مرض جس نے شدت اختیار کر لی ہو اس سے شفا کیلئے یہ خاتم استعمال کریں

خاتم سلیمانی حٰمٓ

خاصیت: قرآن مقدس میں ۷ سورتوں کے اوائل میں حم لایا گیا اور اسی نقطے کے پیش نظر امام شاذلی نے دعائے حزب البحر شریف میں بھی سات حم کے اشارات جمع فرمائے جس میں چھ مرتبہ حم پڑھ کر جہات ستہ میں دم کیا جاتا ہے اور ساتویں حم کو پڑھ کر خود پر دم کرتے ہیں خاتم سلیمانی حم ہر قسم کی آسمانی و زمینی آفات، ظاہری و باطنی دشمن، سحر جادو ٹونہ آسیب و شیاطین سے حفاظت کا ضامن ہے

خاتم سلیمانی قٓ

خاصیت: دشمنوں پر غالب آنے اور دعا کی قبولیت کیلئے حروف مقطعہ ق کا خاتم اپنے پاس رکھیں

خاتم سلیمانی (ن)

خاصیت: ترقی علم اور دانائی کیلئے خاتم سلیمانی حروف مقطعات ن اپنے پاس رکھے



خاتم سلیمانی (المر)

خاصیت: بحث و مباحثہ یا مقدمہ میں کامیابی اور مغلوبی دشمن کیلئے خاتم سلیمانی المر اپنے پاس رکھے

خاتم سلیمانی مقطعات قرآنی کی طلسمی انگوٹھی

ان ۱۳ خواتم میں سے کسی ایک خاتم کا انتخاب سائل یا ضرورت مند کی ضرورت کے پیش نظر کریں پھر بتائے گئے وقت پر عقیق یمنی یا لاجورد پر نقش کریں اور انگوٹھی میں اس طلسمی نگینے کو جڑوا کر بروز جمعہ اول ساعت میں سائل کو پہننے کو بتائے اگر بچوں کی حفاظت یا پڑھائی کیلئے بنانا ہو تو نگینے کو انگوٹھی میں جڑوانے کے بجائے لاکٹ بنوالیں تاکہ گلے میں با آسانی ڈالا جاسکے

دعاءِ حروفِ مقطعات

غوث صمدانی محبوب سبحانی سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

یہ دعاء سرکارِ غوث اعظم سے منسوب ہے اس کا ہر کا ورد کرنا چاہیے

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْن

رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَاَبِرَّ وَاَكْرِمْ وَاَعِزَّ وَعَظِّمْ وَارْحَمْ عَلَى الْعِزِّ الشَّامِخِ وَالْمَجْدِ الْبَاذِخِ وَالنُّوْرِ الطَّامِحِ وَالْحَقِّ الْوَاضِحِ وَمِيْمِ الْمَمْلَكَةِ وَحَاءِ الرَّحْمَةِ وَمِيْمِ الْعِلْمِ وَدَالِ دَلَالَةِ وَ اَلِفِ الْجَبَرُوْتِ وَحَاءِ الرَّحَمُوْتِ وَمِيْمِ الْمَلَكُوْتِ وَدَالِ الْاِلٰهِيَّةِ وَلَامِ الْاَلْطَافِ الْخَفِيَّةِ وَ رَاءِ الرَّاْفَةِ الْخَفِيَّةِ وَنُوْنِ الْمِنَنِ الْوَفِيَّةِ وَعَيْنِ الْعِنَايَةِ وَكَافِ الْكِفَايَةِ وَيَاءِ الْبِدَايَةِ وَ قَافِ الْقُرْبَةِ وَطَاءِ السَّلْطَنَةِ وَهَاءِ الْعُرْوَةِ وَصَادِ الْعِصْمَةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ جَوَاهِرِ عِلْمِهِ الْعَزِيْزَةِ وَ اَصْحَابِهٖ مَنْ اَصْبَحَ الدِّيْنُ بِهِمْ فِيْ حِرْزٍ حَرِيْزٍ

نقش حروف نورانی

جبرائیل علیہ السلام

۲۹۵۴	۲۹۴۶	۲۹۵۲
۲۹۴۸	۲۹۵۱	۲۹۵۳
۲۹۵۰	۲۹۵۵	۲۹۴۷

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — اسرافیل علیہ السلام

لوحِ تحفظ

ہر قسم کے فتنوں سے حفاظت کے لئے رجب کی پہلی یا چوتھی تاریخ کو لکھ کر استعمال میں لائیں ان شاء اللہ ہر برائی سے امن میں رہیگے نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

کھیعص	حمعسق	المص	الم العلی
یس محمد	الر	حم حمعس	نعم المولی
حجاب طسم	طس ملک	مجیب اکبر	طہ اللہ معز
اللہ باری	ص حق	ق لطیف	ن علی

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — اسرافیل علیہ السلام

قبول عظیم کے واسطے امام احمد بونی علیہ الرحمۃ نے ان دونوں نقوش کو چاندی کے پترے پر کندہ کرا کے انگوٹھی میں پہننے کی تاکید ہے جس سے عوام میں خوب مقبولیت اور پذیرائی ہوگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

ک	ہ	ی	ع	ص
ع	ص	ک	ہ	ی
ہ	ی	ع	ص	ک
ص	ک	ہ	ی	ع
ی	ع	ص	ک	ہ

اسرافیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

ح	م	ع	س	ق
م	ع	س	ق	ح
ع	س	ق	ح	م
س	ق	ح	م	ع
ق	ح	م	ع	س

اسرافیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

نقش مقناطیس اکبر ہر بڑے سے بڑا کام میں کفایت کرتا ہے اگر یہ صحیح وقت پر تیار ہو جائے تو اس کے فوائد بے شمار حاصل ہوتے ہیں امام احمد بونی نے اس نقش کو اپنی کتاب میں درج فرمایا ہے چاہیئے کہ شرف آفتاب یا شرف زہرہ میں تیار کی جائے یہ نقش کہیعص حمعسق کا مشتر حرفی ہے اس کی دوسری جانب سائل کا نام مع والدہ لیکر ان مقطعات کے اعداد میں شامل کریں اور ان کے مکرر حروف کو گرا کر بقیہ حروف سے موکل دریافت کرے اور ان اعداد کو بھی شامل کریں کل اعداد کو دوسری جانب نقش مشتر میں پر کریں اور اسمائے موکلان نقش کے ارد گرد لکھیں یہ طریقہ نہایت سہل ہے نقش یہ ہے

بسم الله الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

الحق — قوات

ك	ه	ي	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
ه	ي	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ك
ي	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ك	ه
ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ك	ه	ي
ص	ح	م	ع	س	ق	ك	ه	ي	ع
ح	م	ع	س	ق	ك	ه	ي	ع	ص
م	ع	س	ق	ك	ه	ي	ع	ص	ح
ع	س	ق	ك	ه	ي	ع	ص	ح	م
س	ق	ل	ه	ي	ع	ص	ح	م	ع
ق	ل	ه	ي	ع	ص	ح	م	ع	س

عزرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

دوسری جانب وہی نقش معشر ہوگا جس کا اوپر ذکر ہوا

محبتِ زوجین کے لئے حروف مقطعات کا یہ عمل دعا حزب البحر سے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے اپنے معمولات میں نقل فرمایا ہے۔ چاہئے کہ کسی شیرینی پر دم کر کے دونوں کو کھلائے یا جسے منانا ہو اس کو کھلایا جائے ان شاء اللہ محبت بڑھے گی اور جھگڑے میاں بیوی کے ختم ہو جائیں گے۔

طس طسم حم عسق مرج البحرین یلتقین بینھما برزخ لا یبغین

نسخے میں تو تعداد درج نہیں ہے میری رائے کے مطابق ۳۷ یا ۱۱۱ بار پڑھنا چاہئے

شجاعت و بہادری کے واسطے امام بونی نے حروف مقطعات مع آیات کو چودھویں شب میں لکھنے کا بتایا ہے ان آیات پر مشتمل یہ نقش کسی بھی ماہ کی چودھویں شب کو لکھ کر بازو پر باندھنے سے قلب میں شجاعت پیدا ہو اور کسی مخلوق کا ڈر خوف نہ رہے نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل علیہ السلام

۴۷۲۸	۴۷۲۲	۴۷۳۰
۴۷۲۹	۴۷۲۷	۴۷۲۴
۴۷۲۳	۴۷۳۱	۴۷۲۶

دعاء رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم

جب آیت حم عسق کذالک یوحی الیک و الی الذین من قبلک اللہ العزیز الحکیم تو نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ہر مشکل میں اپنا وظیفہ بنالیا تھا

دعائے حضرتِ خضر علیہ السلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلک بحق الم و الم و المص و الر المر و کھیعص وطہ وطسم وطس و طسم ویس وص و حم و حم و حمعسق و حم و حم و حم و ق ون ویا من ھو ھو یا من لا الہ الا ھو اغفرلی وانصرنی انک علی کل شئی قدیر

دعائے مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

امام احمد بونی علیہ الرحمت نے لکھا ہے آپ ہمیشہ اس طرح دعاء فرماتے تھے یا کھیعص یا حمعسق اغفرلی وارحمنی اور فرمایا کرتے تھے جو شخص اس کے ساتھ دعا کرے گا اس کی دعاء ان شاء اللہ ضرور قبول ہوگی

ملفوظات سیدی عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حروف مقطعات کے اسرار و رموز سے لبریز غوث وقت سید عبدالعزیز دباغ رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات کو بعینہٖ نقل کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں امید ہے کہ ان سطور کے مطالعہ سے حقائق و معارف مزید روشن ہوں گے اور اہل ذوق و اہل حال کے لئے سامان لطف و تسکین روح مہیا ہوگا

(احمد بن مبارک کہتے ہے) ۱۱۲۵ھ میں رجب کے مہینے میں مجھے پہلی مرتبہ سیدی دباغ کی خدمت میں حاضر ہونے کا شرف حاصل ہوا آپ سے زبانی بہت سی ایسی باتیں سنیں، جو میرے لئے حیرانگی کا باعث بن گئیں آپ نے میری حیرانگی کو محسوس کرتے ہوئے فرط اس سے ارشاد فرمایا: تم کوئی بھی سوال کر سکتے ہو، میں نے عرض کی حروف مقطعات میں ایک حرف ص بھی ہے اس کا مفہوم کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا اگر لوگوں کو ان کے مفہوم کا پتہ چل جائے تو کبھی بھی کوئی بھی شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جرات نہ کر سکے۔ (تاہم آپ نے اس حروف کی تفصیل بیان نہیں کی)

کھیعص کی تشریح

پھر میں نے کھیعص کا مطلب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا ان حروف میں سورۃ مریم کے تمام مضامین کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے جس میں حضرت زکریا، حضرت یحییٰ، حضرت مریم، حضرت عیسیٰ، حضرت ابراہیم، حضرت اسمٰعیل، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب، حضرت موسیٰ، حضرت ہارون، حضرت ادریس، حضرت آدم اور حضرت نوح علی نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ شامل ہے اور اس کے علاوہ مزید مضامین بھی موجود ہے رمز کے لئے مخصوص حروف کو بڑی ہی شکل میں لکھا جاتا ہے اور اس کی تشریح اوپر، نیچے یا درمیان میں تحریر کی جاتی ہے جیسے اگر تحریر کے دوران کوئی لفظ رہ جائے تو اسے درمیان میں ذرا اوپر یا نیچے کر کے تحریر کر دیا جاتا ہے بالکل اسی طرح سورتوں کے آغاز میں آنے والے حروف

مقطعات میں بھی سورۃ کے بقیہ مضامین کی طرف اشارہ موجود ہوتا ہے اور لوح محفوظ میں اس کی پوری تفسیر درج ہوتی ہے مثلاً لوح محفوظ میں میم اس قدر بڑا لکھا ہوا ہے کہ اگر اس کے دو کناروں کے درمیان کوئی شخص چلنا شروع کرے تو ایک دن میں اس مسافت کو طے کر سکے گا

حروف مقطعات کا حقیقی علم کیسے حاصل ہو سکتا ہے

سیدی دباغ فرماتے ہیں حروف مقطعات کا علم صرف اس شخص کو ہو سکتا ہے جو لوح محفوظ کو پڑھنے کی صلاحیت رکھتا ہو یا کم از کم دیوان الصالحین کے اراکین کے ساتھ میل جول رکھتا ہو اس کے علاوہ کسی بھی شخص کو حروف مقطعات کا معنی سمجھنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے

الم سورہ بقرہ وآل عمران کا فرق

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) میں نے دریافت کیا سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران دونوں کے آغاز میں الم موجود ہے کیا دونوں کا مفہوم ایک ہی ہے یا ان کے درمیان کوئی فرق پایا جاتا ہے؟ آپ نے جواب دیا دونوں کے معنی کا تعلق اس سورۃ کے مخصوص مضامین کے ساتھ ہے

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) میں نے یہ جواب اس وقت حاصل کیا جب حضرت کے ساتھ شناسائی کا بالکل ابتدائی مرحلہ تھا

سیدی دباغ امی بزرگ تھے

آپ کا جواب سن کر مجھے اندازہ ہوا کہ آپ اکابر اولیاء میں سے ہیں کیونکہ اکابر اولیاء حروف مقطعات کی تفسیر بیان کرتے ہوئے اس بات کی وضاحت کر دیتے ہیں کہ ان حروف کی تفسیر سے صرف وہی شخص واقف ہو سکتا ہے جس کا تعلق اوتاد الارض کے ساتھ ہو لہٰذا سیدی دباغ کی بیان کردہ تفسیر میرے لئے

اس بات کی بھرپور شہادت تھی کہ آپ ولایت کے عظیم مرتبے پر فائز ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کی محبت عطا کرے اور آپ کے علوم ع معارف سے فیض یاب ہونے کی توفیق عطا کرے حالانکہ آپ نے رسمی طور پر ان علوم کی تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ آپ نے رسمی طور پر پورا قرآن مجید بھی نہیں پڑھا آپ نے قرآن مجید کی صرف چند سورتیں زبانی یاد تھیں لیکن اگر کوئی شخص آپ کو قرآن کی تفسیر بیان کرتے ہوئے سن لے تو وہ یقینی طور پر حیرانگی کا شکار ہو جائے گا لہذا اکابر صوفیہ کی تصریحات اس بات کی گواہ ہیں کہ سیدی عبدالعزیز دباغ اکابر صوفیاء میں سے ایک ہیں

حروف مقطعات میں مقطعہ سورۃ کے مضامین کی طرف اشارہ ہے

حکیم ترمذی اپنی کتاب نوادر الاصول میں تحریر کرتے ہیں حروف مقطعات میں متعلقہ سورۃ کے تمام مضامین کی طرف اشارہ موجود ہوتا ہے اور اس اشارے کو صرف وہی حضرات سمجھ سکتے ہیں جو (کم از کم) اوتاد کے مرتبہ پر فائز ہوں اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل و کرم کی بدولت انہیں حروف مقطعات کا علم عطا فرما دیتا ہے یہ علم دراصل معجم حروف کا علم ہے جس کی مدد سے تمام علوم کی تعبیر کی جاتی ہے انہی حروف کے ذریعے اسماء خداوندی کا ظہور ہوتا ہے جو لوگوں کی زبان پر جاری ہوتے ہیں

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) حکیم ترمذی کی اس عبارت کو عارف باللہ سیدی ابوزید عبدالرحمان الفاسی نے سیدی ابوالحسن الشاذلی کی حزب کبیر کے حاشیے میں نقل کیا ہے سیدی ابوزید الفاسی مزید لکھتے ہیں

کسی صوفی بزرگ کا قول ہے اسماء اور حروف کی معرفت کا تعلق انبیاء اکرام کے ان علوم کے ساتھ ہے جو ان کی شان ولایت سے متعلق ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان علوم میں سے بعض علوم عام اولیاء کرام کو بھی عطا کر دیئے جاتے ہیں ان علوم کا تعلق کشف کے ساتھ ہوتا ہے لہذا انہیں عقل کے ذریعے حاصل نہیں کیا جا سکتا جو شخص ان علوم سے ناواقف ہو وہ پوری رسمی کوشش کے باوجود ان سے واقفیت حاصل نہیں

کر سکتا اور جنھیں یہ علوم نصیب ہو جائیں وہ بھی ان سے محروم نہیں ہو سکتا ہر شخص کو اپنے مرتبہ ولایت کے مطابق ان علوم سے نوازا جاتا ہے کیونکہ مختلف اولیاء کی ولایت کے مراتب مختلف ہوتے ہیں اس لئے ان حضرات کے تفسیری اقوال کے درمیان اختلاف رائے پایا جاتا ہے (گویا قرآن کے الفاظ میں حقیقت یوں ہے) یسقی بماء واحد ونفضل بعضها علی بعض فی الاکل

ان سب کو ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے لیکن کسی ایک کا پھل دوسرے سے بہتر ہوتا ہے شیخ ابوزید الفاسی لکھتے ہیں شیخ وزمی نے اپنی تفسیر میں یہ بات تحریر کی ہے حروف مقطعات قرآن کی سورتوں کے مضامین کے رموز پر مشتمل ہیں اور ان کا مفہوم اولیاء کاملین کے سوا اور کوئی نہیں جان سکتا شیخ ابوزید فرماتے ہیں اگر یہاں کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ مختلف سورتوں کے مضامین مختلف ہوتے ہوں لیکن بعض اوقات ایک طرح کے حروف مقطعات دو مختلف سورتوں کے آغاز میں آجاتے ہیں اس کا جواب یہ کہ ان رموز کی حیثیت ان الفاظ کی مانند ہوگی جو مختلف معانی پر مشتمل ہوتے ہیں

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) سیدی ابوزید الفاسی نے اس حاشیے میں دیگر صوفیاء کے اقوال بھی نقل کیے ہیں۔ جن میں سیدی عبدالغفور، سیدی محمد بن سلطان اور سیدو اؤ دالباخلی شامل ہیں اگر آپ ان حضرات کے بیانات کا مطالعہ کرلیں تو آپ بخوبی سیدی عبدالعزیز دباغ کی عظمت شان سے واقف ہو جائیں گے اللہ تعالی ہمیں آپ کی محبت سے مالا مال فرمائے

۹ ذوالحج ۱۱۲۹ھ تک میں نے حروف مقطعات کے بارے میں سیدی ملفوظات سے ہے۔ ان کے صحیح معنی سے مستفید نہیں ہوا۔ یہاں تک کہ ۹ ذوالحج کو آپ نے یہ بات بیان کی حروف مقطعات لوح محفوظ میں سریانی زبان میں تحریر ہیں اس پر میں نے درخواست کی آپ ان تمام حروف کی الگ الگ تشریح بیان کریں اور حروف مقطعات کی رموز کی وضاحت فرمائیں آپ نے میری اس درخواست کو قبول کیا اور مکمل تشریح عنایت فرمائی جس کا خلاصہ میں اپنے الفاظ میں یہاں نقل کروں گا کیونکہ مکمل تشریح نقل

کرنے تک کے لیے ایک مستقل تصنیف کی ضرورت ہوگی

مقطعہ ص کی تشریح

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) حروف مقطعات میں سے ص کی تشریح کرتے ہوئے سیدی باغ نے ارشاد فرمایا اس سے مراد وہ خلا ہے جہاں قیامت کے دن ساری مخلوق کو جمع کیا جائے گا اور اسے وعید کے طور پر سورۃ کے شروع میں ذکر کیا گیا ہے یعنی ص وہ خوشنما منظر ہے جس کی اے اہل ایمان تم کو بشارت دی جاتی ہے یا وہ خوفناک منظر ہے جس سے (اے کفار) تمہیں ڈرایا جاتا ہے ص حشر کا وہ میدان ہے جس کا خلا ہر انسان کی حیثیت کے مطابق شکلیں اختیار کرے گا کافر کے لیے وہ ایک عذاب ہوگا اور مومن کے لئے باعث رحمت ہوگا اس مومن کے پہلو میں ایک دوسرا کافر کھڑا ہوگا لیکن اس کیلئے مخصوص عذاب پہلے کافر سے مختلف ہوگا جبکہ کسی دوسرے مومن کے لئے مخصوص رحمت سے مختلف ہوگی جو اس دوسرے مومن کے اعمال کے مطابق ہوگی یہاں تک کہ میدان محشر میں موجود ہر شخص کے لئے اس خلا کی حیثیت مختلف ہوگی بظاہر دیکھنے میں ایک ہی خلا موجود ہوگا جس شخص کو فتح نصیب ہوگی وہ بآسانی دیکھ سکتا ہے کہ زید اپنے مقدر کے مطابق خلا میں موجود ہے اور عمرو اپنے نصیب کے مطابق خلا میں موجود ہے اور دوسرے لوگ یوں محسوس کریں گے جیسے براہ راست بارگاہ خداوندی میں حاضر ہیں اسی لئے ہم نے پہلے بیان کیا تھا کہ اگر لوگوں کو ص کی تفسیر کا پتہ چل جائے تو کوئی بھی شخص کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی جرات نہ کرے کیونکہ اگر ہر شخص کو اس کا مخصوص مقام دکھا دیا جائے تو مطیع و فرمانبردار شخص کی یہ خواہش ہوگی کہ اے کاش میں مزید نیک اعمال کرتا اور اس سے بہتر مقام کا مستحق قرار پاتا اور گنہگار شخص کی خواہش ہوگی کہ اے کاش میرا وجود مکمل طور پر فنا کا شکار ہو جائے

کیونکہ میدان محشر میں کفار بھی ہوں گے اس لئے سورۃ کے آغاز میں کفار کا تذکرہ کیا گیا پھر انبیاء کا

تذکرہ کیا گیا پھر مومنین کی طرف اشارہ کیا گیا اور آخر میں جنات اور شیاطین کا ذکر کر کے ان کے دنیاوی حالات کی طرف اشارہ کیا گیا اگرچہ قیامت کے دن دنیاوی معاملات جیسا معاملہ نہیں ہوگا لیکن اس دن ہر شخص کو اپنے دنیاوی معاملات کے مطابق ہی انجام کا سامنا کرنا پڑے گا اس لئے دنیاوی امور کا بھی ذکر کیا گیا نیز اس کے علاوہ بھی اس سورۃ میں اور بھی بہت سے مضامین موجود ہیں جن کی تفصیل بیان کرنا مناسب نہیں ہے

کھیعص کی تشریح

کھیعص کا مفہوم اس وقت تک واضح نہیں ہو سکتا جب تک تمام حروف کی الگ الگ تشریح نہ کر دی جائے

ک کا مطلب ہے اے بندے

ہ پاک وصاف رحمت پر دلالت کرتی ہے جس میں کوئی کدورت نہ ہو

ی حرف ندا کے طور پر استعمال ہوتی ہے

ع ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل کے معنی میں استعمال ہوتی ہے

ی اختلاط کے معنی پر دلالت کرتی ہے

ن سے مراد ذات میں موجود بھلائی ہے

ص اس سے مراد خلا ہے

گویا اللہ تعالیٰ اس لفظ کے ذریعے ساری مخلوق کو یہ اطلاع دے رہا ہے کہ میری بارگاہ میں میرے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ و مقام کیا ہے نیز اللہ تعالیٰ نے ساری مخلوق پر یہ بڑا فضل کیا ہے کہ ساری مخلوق نبی اکرام صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مبارک سے فیض حاصل کر رہی ہے مختصرا ہم یہ کہہ سکتے

میں کہ ک سے مراد اللہ تعالیٰ کا وہ خاص بندہ ہے جس کے مقام عبدیت تک کوئی نہیں پہنچ سکتا اور وہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ہ سے مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق کے لئے پاک رحمت ہیں جیسا کہ قرآن نے کہا اور ہم نے تمہیں تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک میں رحمت ہوں اور (ساری مخلوق کے لئے) باعث ہدایت ہوں ی حرف ندا ہے اور اس کا مخاطب وہی خاص بندہ ہے جس کی صفت سابقہ حروف میں بیان کی گئی ہے اور اس بندے کو اس کا مخاطب کیا گیا ہے تا کہ وہ ایک حالت سے دوسری کی طرف منتقل ہو سکے یہ وہی تجلی ہے جس پر ع دلالت کرتا ہے اور حرف ص اس تجلی کی تاکید کے لئے یہاں آیا ہے کیونکہ ہم پہلے بھی یہ قاعدہ بیان کر چکے ہیں کہ سریانی زبان میں حروف اشارہ تاکید پیدا کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں

نور محمدی ہر شے کی اصل ہے سیدی دباغ فرماتے ہیں ہم نے ان رموز کے جو معانی بیان کئے ہیں ارباب کشف ان سے بخوبی واقف ہیں کیونکہ یہ حضرات ہر وقت نبی اکرام علیہ وسلم کے مشاہدے میں مصروف رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر جو عنایات کی ہیں ان کے مشاہدے میں مصروف رہتے ہیں کیونکہ یہ وہ عنایات ہیں جو صرف نبی اکرام صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے ساتھ مخصوص ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ اور کوئی بھی انہیں برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا یہ ارباب کشف دیگر انبیاء کرام، فرشتوں اور بقیہ ساری مخلوق کا بھی مشاہدہ کرتے ہیں نیز اللہ تعالیٰ نے جس مخلوق کو جو کچھ عطا کیا ہے یہ اس کا مشاہدہ کرتے ہیں انہیں یہ مشاہدہ نصیب ہوتا ہے کہ کس طرح نبی اکرم صلی اللہ علی وسلم کا نور مبارک ساری مخلوق کو سیراب کر رہا ہے جس میں انبیاء کرام اور فرشتے بھی شامل ہیں لہذا یہ ارباب کشف مخلوقات کے نور محمدی سے فیض حاصل کرنے سے متعلق بہت سے تجلیات کا مشاہدہ کرتے ہیں

اس تناظر میں اعلیٰ حضرت عظیم البرکت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر ان کی ولایت پر بین دلیل ہے ملاحظہ فرمایئے

ک گیسو ہ دہن ی ابرو آنکھیں ع ص
کھیعص ان کا ہے چہرہ نور کا

ایک مرتبہ ایک صاحب کشف بزرگ روٹی کھانے لگے تو اچانک ان کی توجہ روٹی کی حقیقت کی طرف مبذول ہوئی اور انہیں روٹی میں نور کا ایک ڈورا دکھائی دیا جب انہوں نے اس نور کا تعاقب کیا تو یہ ڈور کے اس ڈورے سے ملا جو سید نور محمدی سے جا ملتا ہے پھر انہوں نے دیکھا کہ نور کے اس ڈورے کی بہت سی شاخیں ہیں اور ہر شاخ کا اختتام کسی نہ کسی نعمت پر ہوتا ہے

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) یہ صاحب کشف بزرگ خود سیدی عبدالعزیز دباغ تھے اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور ہمیں ان کے گروہ میں شامل رکھے سیدی دباغ فرماتے ہیں ایک مرتبہ ایک بدبخت نے یہ بات کہہ دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایمان کی طرف صرف میری رہنمائی کی ہے لیکن ایمان کا نور مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے نصیب ہوا ہے ایک بزرگ نے اس سے کہا اگر میں تمہارے اور نور محمدی کے درمیان موجود تعلق کو قطع کر دوں اور جس ہدایت کا تم نے ذکر کیا ہے صرف اسے باقی رہنے دوں تو کیا یہ تمہیں منظور ہوگا؟ اس نے کہا جی ہاں (سیدی دباغ فرماتے ہیں) اس نے ابھی یہ کہا ہی تھا کہ فوراً وہ اٹھا اور جا کر صلیب کو سجدہ کیا اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور کفر کی حالت میں مر گیا اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کی بدولت ہمیں اس سے محفوظ رکھے

مختصر یہ کہ جن اولیاء کرام کو اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت حاصل ہوتی ہے وہ ان تمام امور کا اسی طرح مشاہدہ کرتے ہیں جیسے ہم اپنے حواس کے ذریعے کسی چیز کو دیکھتے ہیں بلکہ ان کا مشاہدہ زیادہ قوی اور یقینی ہوتا ہے اس دوران وہ دیکھتے ہیں کہ حضرت زکریا علیہ السلام کو جو

عظمت شان اور مرتبہ مقام حاصل ہے وہ سب نور محمدیؐ سے فیض کے حصول کے باعث ہے اسی طرح سورۃ مریم میں جن حضرات کا ذکر آیا، مثلاً حضرت یحییٰ، سیدہ مریم، حضرت ابراہیم، حضرت اسمٰعیل، حضرت موسیٰ، حضرت ہارون، حضرت ادریس، حضرت آدم، حضرت نوح بلکہ علیہا السلام کو جو بھی مرتبہ مقام نصیب ہوا ہے وہ سب نور محمدی کے واسطے اور برکت سے نصیب ہوا ہے

کھیعص حمعسق کی عارفانہ تشریح

سیدی دباغ فرماتے ہیں (سورۃ مریم کے آغاز میں آنے والے مذکورہ بالا) حروف مقطعات کی میں نے مختصر تفسیر کی ہے ورنہ ان حروف میں معانی کا جہان آباد ہے ہم پہلے یہ بیان کر چکے ہیں کہ سورۃ کے مرکزی مضامین کو رموز کی شکل میں ان حروف مقطعات میں بیان کر دیا جاتا ہے بلکہ مخلوقات، خواہ وہ ناطق یا صامت و عاقل ہو یا غیر عاقل ان میں روح موجود ہو یا نہ ہو ان سب کا ذکر ان رموز میں ہے

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) ان حروف مقطعات کی یہ خوبصورت تفسیر سننے کے بعد میں نے دریافت کیا سیدی ابو زید الفاسی نے حزب التحریر کے حاشیے میں سیدی ابوالحسن الشاذلی کے خاص مرید سیدی ابو عبداللہ محمد بن سلطان کا یہ بیان نقل کیا ہے میں نے جواب میں دیکھا کہ میں کھیعص اور حمعسق کی تفسیر کے بارے میں علماء کرام سے بحث کر رہا ہوں پس اللہ تعالیٰ نے ان حروف کی تفسیر میری زبان پر جاری کر دی میں نے کہا یہ تفسیر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے درمیان موجود اسرار میں سے ایک ہے

(کھیعص کی تفسیر یہ ہے)

ک سے مراد یہ ہے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم کہف الوجود ہو کیونکہ ساری مخلوق تمہارے پناہ میں آتی ہے (یا پھر) تم کل وجود ہو

و سے مراد یہ ہے کہ اعطینا لک الملک (ہم نے تمہیں بادشاہ بنا دیا ہے) (یا پھر) حیانا لک الملوت (ہم نے تمہیں ملکوت کا فرمانروا بنایا ہے)

عین سے مراد عین العیون (تمام بنیادوں کی مرکزی بنیاد) ہے

ص سے مراد یہ ہے کہ صفاتی انت (تم میری صفات کا مظہر ہو)

(ابوعبداللہ کہتے ہیں) جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے گویا اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی

(حم عسق کی تفسیر یہ ہے)

ح یعنی حمیناک (ہم تمہارے حامی و مددگار ہیں)

م یعنی ملکناک (ہم نے تمہیں مالک بنایا ہے)

ع یعنی علمناک (ہم نے تمہیں علم عطا کیا ہے)

سین یعنی ساررناک (ہم نے تمہیں اسرار سے نوازا ہے)۔

ق یعنی قربناک (ہم نے تمہیں اپنے قرب سے نوازا ہے)

(سیدی ابوعبداللہ محمد بن سلطان فرماتے ہیں) میری یہ تفسیر سن کر ان علماء نے اس کا انکار کیے اور میرے ساتھ بحث شروع کر دی میں نے ان سے کہا آؤ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان فیصلہ کر دیں ہم بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارا مقدمہ سماعت فرمایا) اور ارشاد فرمایا (ابوعبداللہ) محمد بن سلطان کا بیان درست ہے سیدی عبدالعزیز دباغ نے ارشاد فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ و مقام کے حوالے سے سیدی محمد بن سلطان کا بیان درست ہے لیکن ان حروف کی اصل وضع اور اقتضاء کے حوالے سے وہی تفسیر درست ہے جو میں بیان کی ہے

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) یہ بات واضح ہے کہ سیدی دباغ کی بیان کردہ تفسیر زیادہ جامع اور بہتر ہے کیونکہ اگر ہم یہ کہیں کہ (سیدی ابو عبداللہ کی بیان کردہ تفسیر کے مطابق) اللہ تعالیٰ نے نبی اکرام صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام کائنات کی بادشاہی عطا کی ہے تو اس سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا کہ یہ ساری کائنات نبی اکرام صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے اور برکت سے وجود میں آئی ہے اس کے برعکس (سیدی دباغ کی بیان کردہ تفسیر کے مطابق) ساری کائنات حرف ص کے تحت داخل ہو گی اور حرف ع کے ذریعے یہ ثابت ہوگا کہ یہ ساری کائنات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے اور برکت سے وجود میں آئی ہے جس کا بالواسطہ مطلب یہ ہوگا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سیف الوجود (ساری کائنات کی پناہ گاہ) کی حیثیت رکھتے ہیں اس لئے سیدی محمد بن سلطان کی بیان کردہ ساری تفسیر سیدی عبدالعزیز دباغ کی بیان کردہ تفسیر میں ص کی تفسیر میں شامل ہو گی

مقطعہ ق کی تشریخ

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) اس کے بعد میں نے سیدی دباغ کی زبانی تمام حروف مقطعات کی تفصیلی تفسیر کو سننے کا شرف حاصل کیا لیکن طوالت کے خوف سے میں اسے یہاں نقل نہیں کر رہا البتہ اس موضوع پر میں سیدی دباغ کے دو جوابات یہاں نقل کرنا چاہوں گا جن میں سے ایک سوال ایک فقیہ نے پیش کیا تھا جو خود کو صوفیاء کے معتقدین میں شمار کرتے تھے مگر انہوں نے سیدی دباغ کا امتحان لینے کے لئے چند سوالات آپ سے دریافت کئے تاکہ یہ واضح ہو جائے کہ سیدی دباغ کو واقعی علم لدنی حاصل ہے؟ انہوں نے علامہ حاتمی (شیخ اکبر ابن عربی) کی تفسیر میں سے چند سوالات جمع کر کے سیدی دباغ کی خدمت میں پیش کئے تھے ان کا یہ خیال تھا کہ شاید کوئی بھی شخص ان سوالات کے جوابات نہیں دے سکے گا مگر سیدی دباغ نے فوراً ان کے جوابات عنایت کئے ان میں سے ایک سوال یہ بھی تھا

حروف مقطعات میں سے ایک حرف ق میں کون سا سر موجود ہے؟ بعض صوفیاء یہ بیان کرتے ہیں کہ اس میں قدیم اور حادث کا سر جمع کر دیا گیا؟ براہ کرم اس کی وضاحت فرمائیں؟

سیدی وباغ نے ارشاد فرمایا یہاں قدیم سے مراد وہ حادث انوار ہیں جو ارواح زمین و آسمان وغیرہ کی پیدائش سے پہلے وجود میں آ چکے تھے یہاں قدیم سے مراد اس کا حقیقی معنی نہیں ہے یعنی وہ وقت کہ جب اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا اور کچھ بھی موجود نہیں تھا جبکہ یہاں حادث سے مراد وہ انوار ہیں جو ارواح کی شکل میں وجود میں آئے جب ارواح جسم میں داخل ہو جاتی ہیں تو اس کے بعد بعض جنت کی مستحق قرار پاتی ہیں اور کچھ جہنم کا ایندھن بن جاتی ہیں جنت اور دوزخ دونوں سے متعلق ارواح حادث کی قسمیں ہیں گویا حادث کی دو قسمیں ہو جائیں گی ایک وہ جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوگا اور دوسری قسم جس سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوگا

جب آپ کے سامنے یہ بات واضح ہو گئی تو اب آپ غور کریں اس حرف ق کے تلفظ میں تین حروف پائے جاتے ہیں (قاف) ق ،ا،ف، جب ق کو ا کے ساتھ ملایا جائے تو سریانی زبان میں اس کا مطلب یہ ہوگا کہ حادث اور قدیم دونوں میں خیر و شر اور فضل و عدل کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا تصرف کرنا سریانی زبان میں ساکن ف کا مطلب یہ ہے کہ اس سے پہلے موجود چیز سے قباحت کو زائل کر دینا قدیم اور حادث دونوں میں قبیح وہ ہے جسے شر کی وعید سنائی گئی ہے لہذا جب قبیح کو الگ کر دیا گیا تو اب صرف وہی باقی رہ جائے گا جس کے ساتھ خیر کا وعدہ کیا گیا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے ہیں لہذا ق اللہ تعالیٰ کا ایک اسم ہوگا جسے اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ مخلوق کی طرف منسوب کیا گیا ہے جسے عربی زبان میں حکمران کو سلطان کہا جاتا ہے اور سلطان سواری رعایا کا حکمران ہوتا ہے خواہ رعایا میں کفار اور مسلمان دونوں شامل ہوں لیکن اب جس حکمران کی تعریف کی جائے گی تو اسے سلطان الاسلام کہا جائے گا اور اس لفظ کے ذریعے رعایا کے غیر مسلم افراد خارج ہو جائیں گے لیکن صرف حکمران کی تعظیم و تکریم

کے اعتبار سے دگرنہ درحقیقت وہ بدستور اس کی رعایا میں داخل ہوں لہذا اس حروف ق کا مطلب یہ ہوگا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، تمام انبیا، فرشتوں، تمام اہل ایمان کے پروردگار

اب اس میں آپ اہل ایمان ان کے احوال، مقامات جنت میں ان کے مراتب و درضات کو شامل کرتے چلے جائیں اور جب مکمل طور پر ان سب کا تذکرہ ہوجائے گا تو ق کے معنی مکمل ہوں گے اس لئے اس حرف کے تحت رسالت، نبوت، ولایت، سعادت۔ جنت اور جملہ خیرات کے اسرار شامل ہوں گے جو تمام مخلوقات میں موجود ہیں (قرآن کہتا ہے) وما یعلم جنود ربک الا ھو (اور تمہارے پروردگار کے لشکروں (مخلوق کی تعداد و اقسام) کے بارے میں خود اسی کے علاوہ اور کوئی بھی نہیں جانتا

سریانی زبان کا قانون یہ ہے کہ حرف کسی چیز کو زائل کرنے یا دور کرنے کے معنی میں استعمال ہوتی ہے اسے تحریر نہیں کیا جاتا اسی لئے قرآن مجید میں ق (کے اوپر مد ڈال کر) کی طرف اشارہ کردیا گیا) لیکن ف کے لئے کوئی تحریری اشارہ موجود نہیں ہے

سیدی دباغ فرماتے ہیں قدیم کی ایک تعریف یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اس سے مراد تمام امور ہوں جو اللہ تعالی کے ازلی علم میں موجود تھے اس صورت میں قدیم سے مراد اس کا حقیقی معنی ہوگا جبکہ حدیث سے مراد یہ ہوگا کہ وہ معلومات جسے اللہ تعالی نے ظاہر فرمادیا ہے اس صورت میں وہی معنی مراد ہوں گے جو سابقہ تعریف میں بیان ہوچکے ہیں

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) آپ غور کریں کتنا خوبصورت جواب ہے بعد میں جب میری سائل (فقیہ) سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے دریافت کیا حضرت نے کیسا جواب عنایت کیا؟ اس نے کہا سیدی رزوق نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہاں قدیم سے مراد ق کا دائرہ ہے اور دائرے کا نچلا حصہ حدیث پر دلالت کرتا ہے جس کا بالواسطہ مفہوم یہ ہے کہ ہر حدیث قدیم سے فیض حاصل کرتا ہے گویا اس حرف میں دونوں کی طرف اشارہ موجود ہے (احمد بن مبارک کہتے ہیں) سوال حرف ق کے بارے

میں کیا گیا تھا جو بات آپ بیان کر رہے ہیں اس کا تعلق ق کی تحریری شکل کے ساتھ ہے حلقے اور دائرے کا تعلق ق کی تحریری شکل کے ساتھ ہے صرف ق کے ساتھ نہیں ہے پھر آپ کا یہ کہنا کہ محض دائرے کی وجہ سے قدیم اور حدیث کے درمیان مناسبت ہوتی ہے تو یہ دائرے س ض ع م میں بھی پائے جاتے ہیں وہاں ان کا مفہوم کیا ہوگا؟ میرا یہ اعتراض سن کر وہ فقیہہ خاموش ہو گیا

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) میرا مقصد سیدی زروق پر کوئی اعتراض وارد کرنا نہیں تھا اللہ تعالیٰ ہمیں اس برائی سے محفوظ رکھے کہ ہم اولیاء کرام پر کوئی اعتراض کر سکیں نیز اللہ تعالیٰ ہمیں ان اولیاء کے علوم سے فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے میرا مقصد صرف یہ تھا کہ اس فقیہہ کو اس مسئلے کے دیگر پہلوؤں سے روشناس کروایا جائے نیز میں خود سیدی زروق کی بیان کردہ تفسیر سے واقف نہیں ہوں عین ممکن ہے کہ اس فقیہہ نے سیدی زروق کے بیان کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کیا ہو اور وہ خود سیدی زروق کا بیان نہ سمجھ سکا ہو جس کی وجہ سے اس فقیہہ کے بیان پر اعتراض وارد ہو رہا ہو

سیدی ابوزید الفاسی نے حزب الکبیر کے حاشیے میں ایک اعتراض نقل کیا ہے اگر یہ کہا جائے کہ حروف مقطعات میں متعلقہ سورۃ کے مضامین کی طرف اشارہ موجود ہوتا ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ ایک جیسے حروف مختلف سورتوں کے آغاز میں آ گئے ہیں کیونکہ سورتوں کے مضامین کے اختلاف کے باعث حروف مقطعات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہونا چاہیے تھے؟! (احمد بن مبارک کہتے ہیں) سیدی دباغ کے دوسرے جواب کا تعلق اسی سوال کے ساتھ ہے

آیات قرآنی کے انوار کی تین اقسام

سیدی دباغ ارشاد فرماتے ہیں اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی آیات کے انوار تین اقسام پر مشتمل ہیں سفید، سبز اور زرد سفید رنگ کا تعلق ان آیات کے ساتھ ہے جن کے قائل بندے ہوں سبز رنگ کا تعلق

ان آیات کے ساتھ ہے جن کا تجلی اللہ تعالیٰ ہو اور زرد رنگ کا تعلق ان آیات کے ساتھ ہے جو کفار سے متعلق ہوں جیسے اگر ہم سورۃ فاتحہ کا جائزہ لیں تو الحمد للہ میں سبز رنگ پایا جاتا ہے العلمین سے لے کر غیر المغضوب سے پہلے تک سفید رنگ پایا جاتا ہے اور پھر غیر المغضوب سے لے کر الضالین تک زرد رنگ پایا جاتا ہے گویا یہ تینوں انوار قرآن کی تمام سورتوں میں موجود ہیں اور البتہ بعض اوقات کوئی ایک رنگ کسی ایک سورۃ میں کم اور دوسری میں زیادہ ہوتا ہے ان تینوں قسم کے انوار کے درمیان اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ لوح محفوظ کے تین حصے ہیں ایک حصے کا رخ دنیا کی طرف ہے جس میں دنیا سے متعلق تمام معلومات درج ہیں دوسرے حصے کا رخ جنت کی طرف ہے اور اس میں جنت سے متعلق تمام معلومات درج ہیں تیسرے حصے کا رخ جہنم کی طرف ہے اور اس میں جہنم سے متعلق تمام معلومات درج ہیں جس حصے کا رخ زمین کی طرف ہے اس کا رنگ سفید ہے جس حصے کا رخ جنت کی طرف ہے اس کا رنگ سبز ہے اور جس حصے کا رخ جہنم کی طرف ہے اس کا رنگ زرد ہے درحقیقت اس کا رنگ سیاہ ہے لیکن جب کوئی مومن اسے دیکھتا ہے اور اس مومن کا نور بصیرت اس سیاہی پر پڑتا ہے تو مومن کو اس کا رنگ زرد محسوس ہوتا ہے قیامت کے دن جب کسی مومن کو ایمان کا نور نصیب ہوگا اور اس سے کچھ فاصلے پر ایک کافر ظلمت و تاریکی میں گھرا ہوا کھڑا ہوگا تو مومن کو اس کافر کی تاریکی کا رنگ زرد نظر آئے گا جس سے اسے اندازہ ہوگا کہ یہ شخص کافر ہے لیکن کافر کو کچھ دکھائی نہیں دے سکے گا کیونکہ اس کے ارد گرد پھیلی ہوئی تاریکی اس کے لئے حجاب بن جائے گی اور اس تاریکی کے سوالات کچھ بھی دکھائی نہیں دے گا (احمد بن مبارک کہتے ہیں) میں نے دریافت کیا اس صورت میں اس کافر کو صرف انہی لوگوں کی حالت کا اندازہ ہو سکے گا جو اس کی طرف اسی عذاب میں مبتلا ہوں گے اگر وہ اس وقت کسی مومن کو حاصل ہونے والی نعمتوں کو بھی دیکھ لیتا تو اس کے دل میں یہ احساس پیدا ہوتا کہ اے کاش میں بھی اسی مومن کی طرح نیک کام کر کے آج کے دن ان نعمتوں کو حاصل کرتا سیدی۔ باغؒ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس کے دل میں جنت

اور اس کی نعمتوں سے متعلق مختصر اور ضروری علم پیدا فرما دے گا۔

لوح محفوظ میں حروف مقطعات کی تشریح سریانی زبان میں لکھی ہے

جب یہ اصول آپ نے سمجھ لیا کہ ہر آیت میں مذکورہ بالا تین اقسام میں سے کوئی ایک قسم موجود ہو گی اور پھر ان تینوں اقسام میں سے ہر ایک قسم کی مزید کئی ذیلی اقسام ہوں گی جن سے صرف اللہ تعالیٰ ہی واقف ہے جو حروف مقطعات قرآن کی سورتوں کے آغاز میں موجود ہیں وہ لوح محفوظ میں بالکل اسی طرح درج ہیں جیسے قرآن مجید میں تحریر ہیں تاہم لوح محفوظ میں ہر حرف کے ساتھ اس کی تشریح سریانی زبان میں تحریر ہے اس تشریح سے واقف ہو جانے کے بعد یہ پتہ چلتا ہے کہ ایک جیسے حروف مقطعات دو مختلف سورتوں کے آغاز میں آ گئے ہوں تو ان کے درمیان بنیادی فرق کیا ہے؟ مثلاً الم سے مراد نور محمدی ہے جس سے ساری مخلوق فیض حاصل کرتی ہے اگر نور محمد کا اس اعتبار سے جائزہ لیا جائے کہ مخلوق میں موجود ہر کافر و مسلمان (انسان، جنات، فرشتے اور دیگر تمام مخلوقات) نور محمدی سے فیض حاصل کرتے ہیں اور ان مومنین و کفار کے اکتساب فیض کا طریقہ اور ان کے احوال و مقامات کیا ہیں تو الم کی یہ تفسیر سورۃ البقرہ کے مضامین سے مناسبت رکھتی ہو گی اور اسی حوالے سے یہ سورۃ البقرہ کے آغاز میں نازل کئے گئے ہیں اگر نور محمدی کا اس حوالے سے جائزہ لیا جائے کہ اس نور کے ذریعے مخلوق کو کس طرح کتنا فیض نصیب ہوتا ہے اور پھر بعض ان لوگوں کا بھی تذکرہ کر دیا جائے جنہیں نور محمدی سے خاص فیض نصیب ہوا ہے تو الم کی یہ تفسیر سورۃ آل عمران کے مضامین سے مناسبت رکھے گی اور اسی حوالے سے ان حروف کو سورۃ آل عمران کے آغاز میں نازل کیا گیا ہے اور اگر اس حوالے سے جائزہ لیا جائے کہ اہل انتقام (کفار) کو کس طرح سے کون کون سے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا تو یہ تفسیر سورۃ العنکبوت کے مضامین سے مناسبت رکھے گی غرضیکہ ہر سورۃ کے آغاز میں آنے والے حروف مقطعات میں سورۃ سے متعلق مضامین کی طرف

اشارہ موجود ہوگا ہماری بیان کردہ اس تفسیر کے حقیقی مفہوم سے وہی شخص صحیح معنی میں لطف اندوز ہوسکتا ہے جو لوح محفوظ کا مشاہدہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو

(احمد بن مبارک کہتے ہیں) اس کے بعد میں نے اس مسئلے سے متعلق ایک سوال دریافت کیا تو سیدی دباغ نے اس کا تفصیلی جواب مرحمت فرمایا لیکن کیونکہ وہ انسانی عقل سے ماوراء ہے اسی لئے میں نے اسے یہاں تحریر نہیں کیا

(احمد بن مبارک کہتے ہے) میں نے سیدی دباغ کے بیان کو مختصر الفاظ میں نقل کر دیا ہے لیکن ان امور کی تشریح سے بخوبی واقفیت کے حصول کیلئے فتح ضروری ہے یا کوئی شخص براہ راست حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی تفسیر سن سکتا ہے اور اپنے اعتراضات کی شافی جوابات حاصل کر کے ان حروف سے متعلق مختلف پہلوؤں سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے ایسے شخص کو اگرچہ فتح حاصل نہ بھی ہو پھر بھی وہ حروف مقطعات کی تفسیر سے واقفیت حاصل کرے گا

لَوحِ قَضَا وَقَدَر

الم المص کھیعص طہ یس حم عسق حم ق ن ص



الذین کذبوا بالکتاب بما ارسلنا به رسلنا فسوف یعلمون

لَوحِ قَضَا وَقَدَر

بیت المقدس کی زیارت کے بعد حضرت امام بونی رحمۃ اللہ علیہ کو خیال ہوا کہ شام اور حلب کے بزرگوں کی زیارت کرتا چلوں ابھی راستے میں ہی تھے کہ امام بونی علیہ الرحمہ کی ملاقات ایک ابدال سے ہوئی انہوں نے فرمایا اے احمد میں تمہیں ایک تحفہ دینا چاہتا ہوں جس سے عظیم تالکے مرتب ہو گئے میں نے عرش کی حضور دو کیا ہے انہوں نے فرمایا میں ایک دن مراقبہ اور وظائف میں مشغول تھا کہ اچانک ایک لوح میرے نظروں کے سامنے آ گئی جس پر چند خطوط دائرے اسماء اور حروف تحریر تھے اور ایک موکل بھی میرے پاس آیا جس نے وہ لوح مجھے دی مگر مجھے معلوم نہ ہوا کہ اس کے فوائد کیا ہیں اور اس سے کیا کیا کام لیا جا سکتا ہے

اسی اضطراب کے عالم میں نیند کے آغوش میں چلا گیا تو بحالت خواب مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی زیارت ہوئی کہ آپ کھڑے ہیں اور آپ نے سلام میں پہل کی میں نے جواب دیا اور فرمایا وہ لوح کہاں ہے میں نے کہا یہ ہے آپ نے مجھ سے لیکر اسے بوسہ دیا اور فرمایا تم کو علم ہونا چاہیے کہ اس میں حقیقت اور معرفت کے راز ہیں اور تمام علم جفر جو میں نے ترتیب دی وہ سب اس لوح میں موجود ہے اور اس لوح کا نام میں نے قضاء و قدر کہا ہے اس میں الف کے اسرار اور اسم اعظیم کا مبدا ہے نیز دور اقطاب وخلفاء سب اس دائرے میں ہے پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے وہ دائرے مجھے عطا کی اور فرمایا یہ اسم اعظیم کا مبداء ہے پھر یہ کہہ کر واپس ہو گئے

اس خواب کو بیان کرنے کے بعد وہ ابدال فرماتے ہیں اے احمد میں یہ لوح تمہیں دیتا ہوں اس کے بعد امام بونی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں اس دائرے میں بڑے بڑے انوار و اسرار پوشیدہ ہیں اور اسے میں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی احادیث سے ظاہر کیے ہیں آگے امام بونی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں میں نے دیکھا

کہ حضور ﷺ محراب میں ہیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اس دائرے کا ذکر کیا تو حضور اکرام صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں یہ بالکل اسی طرح ہے اور لوح محفوظ میں میں نے اسی طرح دیکھا ہے اور جبرائیل سے بھی اسی صورت میں مجھے دکھائی تھی پھر امام بونی لکھتے ہیں میں نے عرض کی حضور کیا میں اس کی تشریح بیان کروں فرمایا ہاں کوئی حرج نہیں پھر جب میں بیدار ہوا اور اس دائرے میں غور شروع کیا تو معلوم ہوا کہ یہ دائرہ تو تمام تر اسرار پر حاوی جس کے حروف شفع اور وتر ہیں اور اسما متفرق اور جمع ہیں یہ دائرہ لوح محفوظ دائرۃ الوجود ہے اور تمام موجودات کے اسرار اس دائرے میں ہے یہ دائرہ کل انوار علویات کا جامع ہے ذوق سلیم والے پر اس کا راز پوشیدہ نہیں رہتا جو شخص بھی اس دائرے کو بطریق خاص لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام دنیا میں مقبولیت حاصل ہو فوج جھنڈے میں لگائیں تو بھی وہ فوج کا نا کام نا لوٹے اور اگر ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر قسم کے موذی جانوروں سے حفاظت رہے اب فقیر راقم السطور عرض کرتا ہے یہ لوح دراصل اسم اعظم ہے اور اس لوح کے فیوض و برکات بے حد و بے شمار ہیں وہ تمام لوگ جو کہ ریاضیت و مجاہدہ اور کسب علوم مخفیہ بالخصوص جفر وغیرہ میں لگے رہتے ہیں اس کے لئے یہ لوح ترقی علم و دانائی کا وسیلہ جلیلہ ہے وہ حضرات جو کہ اعمال و اشغال اور اوراد و وظائف اور چلہ کشی میں مصروف ہیں ان کے لئے یہ دائرہ حصول کشف و مراد کا ذریعہ ہے وہ احباب جو کہ روحانی خدمات اور علاج معالجہ میں ہیں ان کے لئے یہ لوح دست شفاء ہے عوام الناس میں سے کوئی اپنے پاس رکھے تو تمام خواہشات پوری ہو ہر مشکل آسان ہو جائے

ہمارے یہاں یہ مقدس لوح مخصوص وقتوں میں تیار کی جاتی ہیں حضرات و خواتین رابطہ کر سکتے ہیں اور حصول برکت کیلئے اگر چاہیں تو اس کی پرنٹ نکال کر اپنے پاس رکھیں فائدہ کچھ نہ کچھ ضرور ہوگا اور اگر کوئی لکھنا چاہے تو خود اپنے لئے لکھ سکتا ہے

کورس والے قرآنی و زعفرانی نقوش

قرآن مقدس میں ہر بیماری خواہ وہ کسی روحانی ہو یا جسمانی سحر آسیب شیطانی ہو یا آفت و بلاء ناگہانی ان سب کا کامل علاج موجود ہے اس کے علاوہ انسانی زندگی سے متعلقہ مسائل مثلاً شادی بیاہ محبت زوجین حصول اولاد کاروباری ترقی حصول دولت طلب شہرت دشمنوں سے حفاظت حصول علم دینی و دنیاوی وغیرہ وغیرہ امور کے لئے کسی آیت کا انتخاب طالب مریض یا حاجتمند کی موجودہ کیفیت کو دیکھتے ہوئے ایک حاذق طبیب روحانی ہی کر سکتا ہے۔ جس طرح ہر جسمانی مرض کی ایک دوا ہوتی ہے ٹھیک ویسے ہی قرآن مقدس میں ہر بیماری کے لئے ایک آیت موجود ہے جس طرح کسی دنیاوی مسئلے کے حل کے واسطے ایک نسخہ ہوا کرتا ہے بالکل اسی طرح آیت قرآنی انسانی مسائل کو حل کرنے کے لئے مقرر ہے روحانی علاج کے اس بنیادی نکتے کے پیش نظر ہم نے اب تک لاتعداد ہوائی نقوش تعویذات طلسمات جیسی اقسام بیان کی ان میں سے آج ہم کورس والے قرآنی و زعفرانی نقوش کا تعارف کرا رہے ہیں۔ ضرورتمند حضرات و خواتین مستفید ہوں جاننا چاہئے کہ کورس یہ زعفرانی نقوش جملہ مقاصد کے لئے تیار کئے جاتے ہیں اگر چہ ایک مسئلے کا تفصیلاً ذکر کیا جائے تو تحریر جانے کہاں ختم ہو گی اس واسطے ہم صرف شفاء امراض والے کورس کے تعویذات کا مختصر تعارف پیش کرتے ہیں بحمد اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارے اساتذہ کے تیار کردہ زعفرانی نقوش جس کے استعمال سے ہزاروں مریضوں کو اللہ رب العزت نے شفا بخشی جس سے نا جانے کتنے سحر جادو اور آسیب و جنات کے ستائے ہوئے صحت یاب ہوئے وہ افراد جو کسی بیماری میں مبتلا ہیں اور شفا یابی کی کوئی صورت نہیں بنتی لاکھوں روپے دوا دارو میں خرچنے کے بعد بھی آرام نہیں ملتا تو انہیں ایک بار روحانی علاج کرانا چاہئے خدائے قدوس کے کلام میں اور کتنا اثر ہے کیسے بیمار کو شفا عطا کرتا ہے اس بات پر ایمان اور یقین شرط ہے

کورس یہ تعویذات مریض کی موجودہ مزاجی کیفیت مرض کو گذرے ہوئے فوری یا طویل مدت کو دیکھتے ہوئے تیار کی جاتی ہیں اس میں زعفران خالص عرق گلاب اور آب زمزم کا استعمال ہوتا ہے نیز دوسری اشیاء اور وہ کاغذ جس پر نقوش لکھے جاتے ہیں قبل از وقت خاص مصدری عمل پڑھا جاتا ہے اور بعد ختم نقوش کی تمام نقوش پر مکمل حصار کا پڑھا جاتا ہے تاکہ یہ نقوش جناتی تصرفات سے محفوظ رہیں نقوش کی تیاری کے دوران بیش قیمت بخور بھی روشن رہتا ہے جس سے نقوش کی روحانیت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے سیاروں کی سعد و نحس نظرات کا اس میں خاص خیال رکھا جاتا ہے کیونکہ دیگر لوازمات کے علاوہ یہ ایک نہایت اہم اور لازمی شئے ہے جس کے استخراج میں کافی احتیاط برتا جاتا ہے کورس کے تعویذات نقوش زکات شدہ ہوتے ہیں یہ نہیں کہ کسی کتاب سے دیکھ کر نقل کروائی جائے بحمد اللہ فقیر رضوی راقم الحروف خود اپنے ہاتھوں سے تیار کرتا ہے نقوش کی تعداد مرض یا مسئلے کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے متعین کیا جاتا ہے کم سے کم ۴۰ نقوش یا تعویذات کا کورس ہوتا ہے معمولی مرض میں ۴۰ سے بھی کام چل جاتا ہے اور کبھی ۶ ماہ یعنی ۱۸۰ نقوش کا کورس دیا جاتا ہے ان تعویذات کے ساتھ سحر جادو اور آسیب کے مرض کو جلانے والے نقوش بھی دیے جاتے ہیں مرض خواہ کیسا بھی سخت ہو کتنا بھی پرانا ہو چکا ہے اس میں کتنے روپے آپ نے خرچ کیے ہوں ان نقوش کی روحانی قوتوں سے استفادہ کر کے دیکھئے آپ کو پتا چل جائے گا کہ روحانی علاج کی ضرورت کل بھی تھی اور آج بھی ہے ہم نے سینکڑوں ان افراد کو علاج کیا جن کا مرض ہی پکڑ میں نہیں آتا تھا اور ہر کسی کے علاج میں یہ لازمی ہوا کہ ہفتوں کے اندر ڈاکٹروں کو مرض کا صحیح پتا چلا اور ہر طرح کی قسم کے ٹیسٹ سے مریض کے گھر والوں کو نجات ملی اور مختلف سے ناموں کی فہرست بنانے کے بجائے یہ کہوں گا کہ دنیا کا کوئی ایسا مرض نہیں جس کا روحانی علاج قرآنی آیتوں کے حوالے سے موجود نہ ہو ہاں یہ بات بھی واضح رہے کہ روحانی علاج آپ کو ڈاکٹر اور حکیم سے بے نیاز نہیں کرتی بلکہ ان کے ذریعہ کیے جانے والے علاج کو بھی بااثر کرتا اور بھی با اثر اور آسان کرتی ہے آپ نے